لطائف غیبیہ
مرتب
ڈاکٹر سید وارث علی ترمذی
مطبوعات:-
انجمن اسلامی عمرانیات پاکستان
۳-الف-۱۴/۴ ناظم آباد - کراچی
قیمت ۲۲/- روپیہ

لطائفِ شاہیہ

مؤلّفہ

حضرت سیّد محمد مقبول عالم قدس سرہٗ

ولادت ۱۴ رجب سنہ ۹۸۹ھ

وفات ۱۲ رجب سنہ ۱۰۴۵ھ

مطابق نسخہ قاضی عبداللہ میاں کہ در سنہ ۱۱۰۹ھ نوشتہ شدہ بود

مالک

سیّد محمد علی ابن حسین میاں صاحب ترمذی کاظمی منگرولی

سنہ ۱۳۹۶ھ / ۱۹۷۶ء — بار اوّل — تعداد ایک ہزار

مطبوعہ ایجوکیشنل پریس کراچی

شجرہ شریف

سید محمد مقبول عالم بن سید جلال الدین ماہ عالم بن سید حسن بن

سید عبد الغفور بن سید احمد بن سید شاہ محمد راجو بن سید محمد شاہ عالم

ابن عبداللہ برہان الدین قطب عالم بن سید محمود ناصر الدین بن

سید جلال الدین حسین مخدوم جہانیان جہاں گشت سید احمد کبیر

ابن سید جلال الدین بخاری بن سید علی ابوالمویدین بن سید محمد

ابن سید احمد بن سید عبداللہ بن علی اشقر بن سید جعفر بن سید علی نقی

ابن محمد جواد بن علی رضا بن موسیٰ کاظم بن جعفر صادق بن محمد باقر

ابن زین العابدین بن امام حسین بن حضرت علی ابن ابی طالب

کرم اللہ وجہہ

ڈاکٹر سید وارث علی ترمزی ایک ایسے خاندان کے چشم چراغ ہیں جس میں چراغ علم صدیوں سے نسلاً بعد نسلاً روشن چلا آ رہا ہے آپ حسینی سید ہیں آپ کا نسب موسیٰ کاظم سے ملتا ہے آپ کے جد امجد سید سکندر بن مسعود دور فیروز شاہ تغلق میں ترمز سے ہندوستان آئے۔اُچھ (ملتان) میں مقیم ہوئے اور سہروردی سلسلہ کے بزرگ سید جلال الدین جہانیاں جہانگشت کے دست مبارک پر بیعت کی اور خلافت سے نوازے گئے۔فیروزشاہ تغلق نے جب مانگرول کاٹھیاواڑ کے ہندوؤں کے ظلم و استبداد کی استیلا کے لئے فوجی لشکر روانہ کیا تو پیر طریقت جہانیاں جہانگشت نے سید سکندر کو بھی ہمراہ کیا۔فیروز شاہ تغلق خود بھی جہانیاں جہانگشت کا مرید تھا۔اسنے سید سکندر کو بے حد تعظیم دی۔بعد فتح جنگ فیروز شاہی لشکر واپس ہو گیا لیکن آپ بہ اتباع حکم شیخ طریقت مانگرول ہی میں مقیم رہ کر اشاعت دین میں منہمک ہو گئے اور وہاں ہی آپ کا وصال ہوا۔آپ کی خانقاہ آج بھی مرجع اقام ہے۔ آپ کی اولاد میں صاحبان عزت و مرتبت۔سیف و قلم اور حال و قال کئی بزرگ گزرے ہیں۔سب کا مشغلہ اشاعت دین و ترویج علم رہا۔(اسلامی تاریخ) ڈاکٹر ترمزی جوناگڑھ میں پیدا ہوئے۔ بمبئی میں رہ کر ایم۔بی۔بی۔ایس کیا کراچی یونیورسٹی سے ایم۔اے کیا۔ بمبئی میں رہ کر ہی علاج و معالجہ کو پیشہ بنایا۔اور اس پیشہ میں وہ بہت کامیاب ہیں۔

تحقیقات علمی کا شوق ورثہ میں ملا۔زبان عربی پر عبور حاصل کیا۔سید محمد علی ترمزی (آپ کے والد) تمدن اسلامی۔اور عربی کے پروفیسر بہاءالدین کالج جونا گڑھ میں تھے۔کئی زبانوں کے ماہر اور صاحب تصنیف تھے۔ڈاکٹر وارث کو ان سے تربیت ذہنی ملی۔شوق میں ذوق کی آمیزش ہو گئی۔اور قلم چلنے لگا۔ ان کے بڑے بھائی ڈاکٹر سید باقر علی نے ان کو منہاج تحقیق کے اصول بتلائے اور ذوق میں لطافت پیدا ہو گئی۔لیکن دونوں شفیق ہستیاں بہت جلد وارث کو داغ مفارقت دے گئیں۔اور اب ڈاکٹر وارث اپنی ذاتی استعداد کاوشوں سے میدان علم میں شہسوار بن کر آ گئے۔درجنوں مضامین شائع کرائے اور کئی کتابیں تصنیف و تالیف کر ڈالیں۔ان میں سے لطائف شاهیه آپ کے سامنے هے۔یه کتاب ان کے خاندانی نوادرات میں سے هے۔ڈاکٹر صاحب۔انگریزی۔عربی۔فارسی۔اردو اور گجراتی پر عبور رکھتے هیں اور ان کو مقامی زبانوں پر بھی دسترس حاصل هے۔

بشکریه:— مکتبئه حمد

مطبوعات:۔

انجمن اسلامی عمرانیات پاکستان۔

۳۔ایف ۱۲/۱۲ ناظم آباد کراچی پاکستان۔

مطابق ۲۷ مئی ۱۹۷۶ء

پیش لفظ

از پروفیسر محمد ایوب قادری، گورنمنٹ اُردو کالج کراچی

برصغیر پاک وہند کے مسلمانوں کی صحیح تاریخ ابھی تک قلم بند نہیں ہوئی ہے اگرچہ بادشاہوں اور حکمران خاندانوں پر ہم عصر مورخین نے کتابیں لکھی ہیں مگر وہ بعض اعتبار سے تشنہ اور نامکمل ہیں۔

اُردو زبان میں علامہ شبلی مرحوم نے تاریخ وتحقیق کا آغاز کیا اور خوشی کی بات یہ ہے کہ ان کی علمی یادگار دارالمصنّفین اور اس کے ارباب علم و فضل اس روایت کو جاری رکھے ہوئے ہیں بلکہ آگے بڑھا رہے ہیں۔

مسلم معاشرہ کی تعمیر وتہذیب میں بادشاہوں اور سپہ سالاروں کے ساتھ ساتھ علمار و مشائخ کا بھی ہاتھ رہا ہے۔ اور حقیقت یہ ہے کہ مشائخ و صوفیہ نے اس سلسلے میں اہم رول ادا کیا ہے۔ اِسلام کی تبلیغ و اشاعت میں مسلم تاجروں نے بھی سرگرم حصّہ لیا ہے۔ جنوبی ہند کے ساحلی علاقوں، لنکا اور انڈونیشیا بلکہ حدودِ چین تک اِسلام کا تعارف اور اس کی اشاعت تاجروں کی رہین منت ہے۔ مسلم تاجروں نے تجارت کے ساتھ ساتھ اسلام کی سفارت کے بھی فرائض انجام دیئے افسوس کہ ان لوگوں کی سرگرمیوں کا اس اعتبار

سے مطالعہ نہیں کیا گیا۔

بادشاہ اور سپہ سالار ملک فتح کرتے تھے اور اسلام کی تبلیغ و اشاعت اور مسلم معاشرہ کی تربیت و تہذیب کا کام مشائخ و صوفیہ کی مقدس جماعت انجام دیتی تھی۔ برصغیر کا وہ کونسا مقام ہے کہ جہاں اس مقدس جماعت کا کوئی نہ کوئی رکن استراحت فرما نہیں ہے اور اس نے معاشرے کی تربیت و تہذیب کے فرائض انجام نہیں دیئے ہیں۔ ننگا پربت سے راس کماری تک اور کاٹھیاواڑ سے آسام تک اِن بزرگوں کا ایک سلسلہ پھیلا ہوا ہے۔ اِن حضرات کی سیدھی سادی زندگی اور اعلیٰ اُصولوں سے متاثر ہو کر گروہ اور بستیوں کی بستیاں مشرف بہ اسلام ہوئیں۔

برصغیر میں سب سے اوّل چشتی و سہروردی سلسلے کے مشائخ نے تبلیغ و اشاعت کا کام شروع کیا۔ اس سلسلے میں حضرت خواجہ معین الدین چشتی اجمیریؒ اور حضرت شیخ الاسلام بہاء الدین زکریا ملتانیؒ کے اسمائے گرامی سرفہرست ہیں مغربی پاکستان میں حضرت زکریا ملتانیؒ کے خانوادے نے اسلام کی تبلیغ و اشاعت کا خوب کام کیا۔ سندھ و گجرات براہ راست اس کے اثر میں آئے۔

سہروردی سلسلہ کے نامور شیخ طریقت حضرت مخدوم جہانیاں جہاں گشتؒ کے پوتے حضرت شاہ قطب عالم گجرات پہنچے اور حضرت مخدوم جہانیاں گشت نے اپنے خلیفہ شاہ سکندر بن مسعود ترمذی کو کاٹھیاواڑ میں متعین فرمایا اس طرح اِن دونوں بخاری و ترمذی خانوادوں نے سہروردی

علم لے کر گجرات د کاٹھیاواڑ میں تبلیغ واشاعت اسلام اور مسلم معاشرہ کی تربیت و تہذیب کا وہ کارنامہ انجام دیا ہے کہ تاریخ میں اس کی شہادتیں جلی حروف میں ثبت ہیں۔

بخاری سلسلے کے خانوادے علوم و معارف کے بھی امانت دار اور ناشر تھے۔ انھوں نے تصنیف و تالیف کا وہ ذخیرہ پیش کیا ہے کہ علمی دُنیا اس کو قدر کی نگاہ سے دیکھتی ہے اِن بخاری مشائخ گجرات نے تفسیر، حدیث، فقہ، تصوف اور دوسرے اسلامی علوم و فنون پر اعلیٰ تصنیفات و تالیفات اپنی یادگار چھوڑی ہیں جو آج بھی ان کی اولاد امجاد، قدیم خاندانوں، خانقاہوں اور کتب خانوں میں موجود و محفوظ ہیں۔ ضرورت ہے کہ ان کتابوں کو جدید ترتیب و تحقیق کے اُصولوں پر طبع و شائع کر کے وقف عام کیا جائے۔

بڑی مسرت اور خوشی کی بات ہے کہ حضرت شاہ عالم بخاریؒ کے اوراد "لطائف شاہیہ" کا نسخہ جسے شاہ مقبول عالم بخاریؒ نے مرتب فرمایا تھا شائع کیا جا رہا ہے۔

لطائف شاہیہ میں اوراد و ظائف کے علاوہ، تصوف کے اسرار و نکات، پند و نصائح، اخلاقی ضابطے، صوفیہ خصوصاً مشائخ بخاری (شاہ عالمؒ) کے بعض احوال و واقعات، مشائخ کی تواریخ وصال اور بعض اہم خطبات و رسائل بھی شامل ہیں۔ اس طرح یہ ایک قیمتی دستاویز ہے اس کتاب کی ترتیب و تہذیب کے فرائض ڈاکٹر سید دی ایم ترمذی

صاحب نے انجام دیئے ہیں شروع میں انہوں نے ایک فاضلانہ مقدمہ لکھا ہے۔ یہ مقدمہ نہایت قیمتی معلومات کا حامل ہے بلکہ برصغیر میں اسلام کی تبلیغ و اشاعت پر ایک اچھی خاصی دستاویز ہے اور اگر کوئی شخص اس موضوع پر تحقیق کرنی چاہے تو یہ مقدمہ اس کو نشانِ راہ کا کام دے گا۔

"لطائف شاہیہ" عام قاری اور اہل تصوف دونوں کے لئے ایک علمی تحفہ ہے۔

محمد ایوب قادری

A/174/N

نارتھ ناظم آباد

کراچی ۳۳

مقدمہ

دُنیا کے ہر تمدّن وتہذیب کی بُنیاد کسی نہ کسی "تحریک" کے آغاز سے ہوتی ہے اور معاشرہ کی بدعنوانیوں کا ردّعمل وہ تحریک ہوتی ہے۔ اگر تحریک صداقت اور صحیح اُصولوں پر مبنی ہو تو وہ زور پکڑتی اور آہستہ آہستہ بامِ عروج تک پہنچتی ہے۔ اور اگر سرے سے اس کا آغاز ہی غلط اُصولوں پر ہوا ہو تو وہ اپنی موت آپ مرجاتی ہے اور اگر بامِ عروج پر پہنچ کر اس تہذیب میں بدعنوانیاں پیدا ہوں تو وہ تنزل کے راستہ پر چل کر ختم ہوجاتی ہے اور "ہر کمالے را زوال است" کی مصداق بنتی ہے۔

کسی بھی تہذیب کو بامِ عروج پر پہنچنے میں صدیاں لگ جاتی ہیں جیسا کہ یونان اور روما کی تہذیبیں مگر عربوں نے وہ مقام سالوں میں طے کرلیا۔ قبائلی تعصب سے بھرے ہوئے، غیر منظم، اور علوم و فنون سے بے بہرہ عرب آن واحد میں ایک منظم قوم بنکر اُبھرے اور دیکھتے ہی دیکھتے دُنیا پر چھاگئے اور وہ ہی عرب علوم وفنون کا سرچشمہ بن گئے۔ ۵۷۰ء میں نبی کریم حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی ولادت باسعادت نے دُنیا کا نقشہ ہی بدل دیا۔

اس زبردست تحریک سے جو صحرائے عرب سے اُٹھی ہندوستان بھی نہ بچ سکا۔ ہندوستان سے عربوں کے تعلقات تو قدیمی تھے جیسا کہ عرب

خواتین کے نام 'ہندہ' اس امر کی پوری شہادت دیتے ہیں۔ ہندوستان میں اسلام کی روشنی سب سے پہلے کہاں سے اور کیسے آئی یہ ایک جداگانہ مسئلہ ہے مگر عام روایت یہ ہے کہ تراونکور (جنوبی بھارت) کے مہاراجہ نے معجزۂ شق القمر بچشم خود دیکھا اور جب اُس کو ان عرب تاجروں سے جن کی بستیاں وہاں تھیں معلوم ہوا کہ یہ معجزہ حضور اکرمؐ سے ظہور پذیر ہوا ہے۔ تو اس کا شوق دیدار بڑھا کہ تخت و تاج چھوڑ کر اور کشتی میں بیٹھکر مکہ معظمہ کی طرف چل پڑا۔ ایک روایت کے مطابق وہ حضور اکرمؐ کی خدمت میں باریاب ہو کر مشرف بہ الاسلام ہوا اور دوسری روایت کے مطابق اس کی کشتی ڈوب گئی اور وہ خود بھی غرقاب ہو گیا اس واقعہ کے تاریخی شواہد کوئی نہیں ہیں۔ البتہ ۱۹۴۷ء تک جب بھی نیا فرمانروا ریاست کے تخت پر بیٹھتا تو حلف اُٹھاتے وقت یہ کہتا کہ یہ تخت و تاج میں اس وقت تک امانت کے طور پر قبول کرتا ہوں جب تک کہ ہمارے دادا جو تخت و تاج چھوڑ کر گئے ہیں واپس آجائیں۔ ۱۹۴۷ء میں ریاست کے فرمانروا نے اپنی خودمختار آزاد ریاست کا اعلان کر دیا تھا مگر حکومت بھارت نے بعد میں اس کو اپنے ملک میں ضم کر لیا۔

حضور اکرمؐ کے بعد خلیفہ اوّل حضرت ابوبکر صدیق کے زمانہ میں ہندوستان میں اشاعت اسلام کا کوئی تاریخی ثبوت نہیں ملتا البتہ خلیفہ دوم حضرت عمر فاروقؓ کے زمانہ میں تھانہ (نزد بمبئی) اور بھروچ (گجرات) میں عربوں نے کامیاب بحری سرگرمیاں کی تھیں جن کا تفصیلی ذکر آگے آئیگا۔

اموی دورِ خلافت کے آغاز ہی سے مجاہدین اسلام سندھ کی مغربی سرحدوں تک پہنچنے لگے تھے۔ ولید بن عبد الملک کے دورِ خلافت میں جواں سال غازی محمد بن قاسمؒ نے سندھ کو فتح کر کے یہاں اسلام کی بنیادیں قائم کردیں۔

یہ علاقہ سلطنت اسلامیہ میں ملا لیا گیا اور یہاں اسلام کی اشاعت بھی ہونے لگی۔ خلافت بنو اُمیہ کے باقی دَور میں اور خلافت عباسیہ کے ابتدائی زمانہ میں اِس علاقہ کا تعلق مرکز خلافت سے قائم رہا اور یہاں خلیفہ کی طرف سے گورنر مقرر ہو کر آتے رہے۔ لیکن جب خلافت عباسیہ میں ضعف کے آثار رونما ہوئے تو مرکز سے اِس کے تعلقات منقطع ہو گئے اور یہاں مسلمانوں کی مستقل حکومتیں قائم ہو گئیں۔ جن کے صدر مقام ملتان اور منصورہ رہے۔ جب قرامطہ کے فتنہ کو خلیفہ کی فوجوں نے عراق اور عرب کے علاقوں سے ختم کیا تو وہ بھاگ کر سندھ میں چلے آئے اور انھوں نے یہاں کی سلطنتوں پر قبضہ کر کے اِس علاقہ کو اپنی دعوت کا مرکز بنایا۔ اُن کے اِس فتنہ کو ختم کرنے کے لئے غازی سلطان محمودؒ کو دو تین مرتبہ سندھ پر حملہ کرنا پڑا۔ بعد میں ملتان سلطنت غزنین میں ملا لیا گیا۔

سومناتھ میں محمود غزنوی کا فاتحانہ ورود اور سومناتھ کے بُت کو توڑنا اشاعت اسلام کی تاریخ میں بڑی اہمیت رکھتا ہے کیونکہ اسکی فوج کے ساتھ جو بزرگان دین آئے تھے وہ وہیں مقیم ہو گئے، نا خوشگوار

اور ناسازگار ماحول میں اشاعت اسلام جاری رکھی۔ بہت سے صوفیاء کرام محض اس لئے شہید ہوئے کہ ہندو حکمرانوں کو یہ گوارا نہ تھا کہ ہندو مشرف بہ اسلام ہوں

محمود غزنوی کے بعد شہاب الدین غوری کے دور میں اشاعت اسلام کی زبردست تحریک خواجہ معین الدین چشتیؒ نے شروع کی۔ آپ کا مرکز اجمیر تھا اس معرفت کے سرچشمہ سے بہت سے صوفیاء نے ہدایت پائی اور وہ ہندوستان کے کونے کونے میں پھیل کر اشاعت اسلام میں لگ گئے۔ خواجہ قطب الدین بختیار کاکی، خواجہ فرید الدین گنج شکر، علی احمد صابر کلیری، نظام الدین اولیاء، اور حضرت خواجہ گیسو دراز جیسے اکابر پیدا ہوئے اور انھوں نے اشاعت اسلام کا کام بڑے پیمانہ پر کیا۔ ان سے قبل حضرت علی ہجویری نے لاہور میں، شیخ بہاؤ الدین زکریا ملتانی نے ملتان میں، حضرت عثمان مہروندی (لال شاہ باز قلندر) نے سندھ میں اشاعت اسلام کے مراکز قائم کئے تھے۔

ہندوستان کے مسلم سلاطین نے اشاعت اسلام کے سلسلہ میں کوئی سختی نہیں برتی۔ اسی لئے جہاں جہاں ان کے دار السلطنت رہے وہاں مسلمانوں کی تعداد زیادہ نہیں ہوئی انصاف پسند ہندو مؤرخین بھی اس کا اعتراف کرتے ہیں۔ کہ جب فتح و کامرانی کا جوش و خروش ختم ہو جاتا اور ملک میں اقتصادی بحالی کا مسئلہ سامنے آتا تو نہایت پرجوش اور راسخ العقیدہ سلاطین کو بھی معتدل روش اختیار کرنی پڑتی تھی

دو آبہ میں مسلمانوں کی حکومت سات سَو سال رہی بہار اور دکن میں آٹھ سَو سال حکمران رہے لیکن ان علاقوں میں ان کی آبادی ۵ ا فیصد سے زیادہ نہ بڑھ سکی۔

اِشاعت اسلام میں علمائ کی خدمات کا ذکر تاریخوں میں محض سرسری طور پر آتا ہے۔ البتہ اس سلسلہ میں عرب تاجروں اور صوفیائے کرام نے جو کوششیں کیں اسکی پوری تفصیل ملتی ہے۔ عرب تاجروں نے جنوبی ہند میں پہنچ کر بڑی خاموشی سے اسلام کا پیغام پہنچایا۔ مالابار۔ گجرات۔ کچھ میں اچھوتوں کو بہت ذلیل سمجھا جاتا تھا۔ عرب تاجر ایسے لوگوں کو اپنی پناہ میں لے لیتے۔ اور جب وہ مسلمان ہوکر دوسرے مسلمانوں کے برابر حقوق حاصل کر لیتے تو دوسرے ہندو بھی ان کی عزت میں کمی نہ کرتے۔ یہ دیکھکر اچھوتوں کے مظلوم فرقوں کی رغبت اسلام کے طرف بڑھ گئی اور اسلام اچھوتوں کے دل میں گھر کرتا ہوا رفتہ رفتہ راجاؤں کے قلوب پر قابض ہو گیا۔ مالابار میں جتنے عرب تاجر آئے انھوں نے مقامی باشندوں سے ایسا برتاؤ رکھا اور اسقدر ایمانداری سے تجارت کی کہ حکومت بھی ان کو پوری مذہبی آزادی دینے پر مجبور ہو گئی۔ ہندو راجہ انکی سرپرستی اس لئے بھی کرتے کہ ان تاجروں کی تجارت سے خود ان کی مملکت میں کاروبار کی ترقی ہوئی اور بہت سی چیزیں بہ آسانی ملنے لگی۔ وہ انکی تبلیغ اسلام میں مزاحمت نہ کرتے تھے۔ چنانچہ ان کے عقائد اور عبادات کو دیکھ کر مالابار کے چیرامن پیرومن کا آخری راجہ بطیب خاطر مشرف بہ اسلام ہو گیا۔ اسکی راجدھانی کوڈنگیلور تھی۔ اس نے ایک عرب کو اپنے یہاں بلاکر کنانور کا حکمراں بنادیا۔ کالی کٹ کا راجہ زیمورن عرب تاجروں کی بہت قدر

کرتا تھا۔ اسی کے زمانے میں ایک عرب تاجر نے اس کی حدود سلطنت میں ایک بازار قائم کیا جو بعد میں کالی کٹ کا شاندار بندرگاہ بن گیا۔ کوستری کے راجہ کا ایک وزیر نایر تھا جو خود مسلمان ہو گیا اور آگے چلکر کنانور کا راجہ ہوا۔

ہندوستان کے مشرقی ساحل پر بھی عرب دسویں صدی میں پہنچ چکے تھے۔ وہ یہاں بلا تکلف شادی بیاہ کر لیتے جس سے ان کی آبادی بڑھتی رہی۔ اور ان کی معاشرت و عبادات کو دیکھکر وہاں کے اصلی باشندے متاثر ہوتے اور اسلام قبول کرتے رہے۔

اشاعت اسلام میں صوفیوں کا بڑا حصہ رہا۔ مدورا۔ ترچنا پلی میں حضرت ناتھڑ ولی ۴۲۴ھ/۱۰۳۱ء کی وجہ سے اسلام پھیلا۔ وہ ایک ترکی شاہزادے تھے اور ریاست چھوڑ کر درویش بن گئے تھے۔ وہ حجاز۔ ایران اور شمالی ہند کی سیاحت کر کے ترچنا پلی پہنچے اور اپنے زہد و تقویٰ اور حسن اخلاق سے وہاں کے لوگوں کو ایسا متاثر کیا کہ بہت سے ہندو ان کے ہاتھ پر مشرف بہ اسلام ہوئے۔ ان کا مزار ترچنا پلی میں ہے۔ ان کے جانشین سید ابراہیم شہید تو بارہ سال تک اس علاقہ کے حکمراں بھی رہے اور بعد میں اروادی میں فوت ہوئے ناتھڑ ولی کے دوسرے مرید و خلیفہ بابا فخرالدین نے ۵۶۴ھ/۱۱۶۷ء میں پنوکونڈا کے راجہ کو مسلمان کیا۔ مدورا میں اشاعت اسلام حضرت علی بادشاہ کے ذریعہ ہوئی گیارہویں صدی عیسوی میں بغداد سے بھروچ (گجرات) تشریف لائے اور وہاں کے راجہ کے لڑکے کو مسلمان کیا۔ نور الدین ستاگر نے گجرات کے کمہاروں میں اشاعت اسلام کی اور سب کو مسلمان بنالیا۔ ۱۳۰۴ء میں عرب

واعظین میں سے ایک مبلغ مہا پیر کھندایت کے نام سے مشہور ہوئے۔
انہوں نے بیجا پور آکر وہاں کے کاشت کاروں کو مسلمان کیا۔ چودھویں
صدی میں حضرت گیسو دراز نے پونا اور بلگام کے ہندوؤں میں اسلام
کی تبلیغ کی۔ کوکن میں حضرت شیخ عبدالقادر جیلانیؒ کی نسل کے ایک بزرگ شیخ
بابا عجب نے اسلام پھیلایا اور وہ دہانوں میں مدفون ہیں۔ دھارواڑ میں
حضرت ہاشم پیر گجراتی کے ذریعہ اسلام پھیلا۔ ستارا کے علاقہ میں ایک نومسلم
شمو اپا کوشی نے وہاں کے لوگوں کو مسلمان کیا۔ حضرت خواجہ معین الدین
چشتیؒ کے ذریعہ بہت سے ہندوؤں نے اسلام قبول کیا۔ اور صرف دہلی
سے اجمیر کے راستہ میں آپ نے سات سَو ہندوؤں کو مسلمان کیا۔ پنجاب
کا مغربی حصہ حضرت شیخ بہاؤالدین زکریا ملتانی اور حضرت فریدالدین مسعود
گنج شکرؒ کے فیوض و برکات سے بہرہ یاب ہوتا رہا۔ حضرت بوعلی شاہ قلندر
پانی پتی نے ۳۰۰ راجپوتوں کو مسلمان کیا۔ کشمیر میں مرزا بلبل شاہ، سید علی ہمدانی
اور میر شمس الدین کی وجہ سے اسلام کو فروغ حاصل ہوا۔ بہار میں
فردوسیہ سلسلہ کے بزرگ اسلام کی تبلیغ اور اشاعت میں لگے رہے۔ پندرھویں
صدی عیسوی میں جب بنگال کے راجہ کنس کے بیٹے جٹمل نے اسلام قبول
کیا تو اسکے اثر سے بکثرت ہندو مشرف بہ اسلام ہوئے۔ حضرت الشیخ
نظام الدین کی وجہ سے دھلی میں اسلام کو فروغ ہوا۔ اور ان کے خلیفہ
شیخ سراج الدین کی کوششوں سے بہار میں اور شیخ سراج الدین کے
خلیفہ شیخ علاء الحق کی وجہ سے بنگال میں ہندو کثرت سے دائرہ اسلام

میں داخل ہوئے سلہٹ میں حضرت شیخ شہاب الدین سہروردی کے مرید اور حضرت بہاؤالدین زکریا ملتانی کے پیر بھائی شیخ جلال الدین تبریزی (۱۲۳۵ء) نے اسلام کی اشاعت کی۔ ان کا مزار سلہٹ میں ہے۔

برصغیر میں اشاعت اسلام کے اس تذکرہ سے ہمارا مقصد یہ ہے کہ بعض ان رسالوں کو جو دین کی اشاعت کرنے والوں نے عوام کے فائدہ کے لئے مرتب کئے تھے منظر عام پر لایا جائے اس کے لئے کافی مواد موجود ہے۔ صرف کسی صاحب ہمت اور صاحب حوصلہ شخص کی ضرورت ہے۔

صوبہ گجرات (بھارت) میں سہروردی سلسلہ کے بزرگوں نے خدمت دین میں اپنی پوری پوری زندگیاں صرف کر دیں اس ہی سلسلہ کی ایک مایۂ ناز ہستی سید محمد سراج الحق شاہ عالم کی ایک تصنیف لطائف شاہیہ (جس کا نسخہ ہمارے پاس موجود ہے) کی اشاعت مقصود ہے۔

گجرات میں اشاعت اسلام:

اسلام کا سب سے پہلا بحری بیڑہ ساحل تھانہ۔ نزد بمبئی پر ۱۵ھ میں حضورؐ کے صحابی حضرت عثمان بن ابوالعاصؓ ثقفی کی قیادت میں آیا اور کامیابی کے ساتھ واپس گیا۔ حضرت عمرؓ خلیفہ وقت کو جب اس کامیابی کی خبر سنائی گئی تو آپ نے پسند نہیں فرمایا کیونکہ اسلامی فوج کو دور دراز علاقوں میں بھیجنا جہاں ان کو جلد اور وقت پر امداد و رسد نہ بھیجی جا سکے آپ نے مفاد ملی کے خلاف سمجھا۔ الحکم بن ابوالعاص حضرت عثمان بن ابوالعاص کے بھائی اور حضورؐ کے دوسرے صحابہ کی قیادت میں دوسرا بحری بیڑہ ساحل بھروچ (گجرات) گیا اور وہ بھی کامیاب واپس آیا۔

۱۔ ڈاکٹر نبی بخش بلوچ ۲۔ ڈاکٹر باقر علی ترمذی Islamic Culture Contribution of Gujrat to Arabic Literature M.S.

حکم نے اپنے بھائی مغیرہؓ کو بھروچ سے اور آگے خلیج دیبل کی طرف بھیجا اور آپ بھروچ سے کامیابی کے ساتھ واپس لوٹے۔ ہندوستان کی سرزمین پر حضورؐ کے صحابہ کا یہ پہلا قدم تھا لیکن اس اہم واقعہ کا صرف اتنا اثر ہوا کہ وہاں کچھ عرب بستیاں بس گئیں اور وہ لوگ خدمت دین میں لگ گئے یہ اس دور کی بات ہے جب حضرت محمد بن قاسمؒ عالم وجود میں بھی نہیں آئے تھے ۳؎

اس وقت سے خطۂ گجرات میں خدمت دین کا سلسلہ جاری ہوا جو سلاطین گجرات کے دور میں بام عروج کو پہنچا۔ اس زریں دور میں سہروردیہ سلسلہ کے دو بزرگوں (۱) سید سکندر بن مسعود (۲) سید برہان الدینؒ بن محمود قطب عالم بخاری کا ورود گجرات میں ہوا اور تبلیغ اسلام منظم طریقہ سے شروع ہوئی پہلا مرکز مانگرول کاٹھیاواڑ میں سید سکندر بن مسعود نے شروع کیا اور قرب و جوار کے کاشت کاروں کھانچی۔ لوہانہ۔ کولی۔ بھیل وغیرہ کو مشرف بہ اسلام کیا۔ مانگرول میں خانقاہ قائم کی اور مبلغین کی ایک کھیپ تیار کی۔ یہ مبلغین ذاری، آگری اور دیگر دیہی بستیوں میں پھیل گئے اور اشاعت اسلام کا کام سرانجام دیا اور ہزاروں کو مشرف بہ اسلام کیا۔ دوسرا مرکز احمد آباد میں برھان الدین قطب عالم بخاری نے احمد آباد میں شروع کیا اور گجرات میں تبلیغ اسلام کی۔

خودمختار گجراتؔ کی سلطنت

محمد تغلق کے زمانہ میں بہمنی خاندان کی خودمختار سلطنت دکن میں قائم ہو چکی تھی فیروز شاہ تغلق نے باقی حصوں کو سنبھالے رکھا بعد میں اس کی اولاد کی

۳۔ بلاذری۔ فتوح البلدان ۴۔ مخدوم جہانیاں جہاں گشت محمد ایوب قادری

نا اہلی اور خانہ جنگیوں سے دیگر صوبوں میں بھی بغاوتیں برپا ہوئیں۔ فیروز شاہ تغلق کے بیٹے محمد شاہ ثانی کے کمزور ہاتھوں میں عنانِ سلطنت تھی۔ اس نے ظفر خان کو ۷۹۳ھ/۱۳۹۰ء میں گجرات کی حکومت دے کر روانہ کیا۔ ظفر خان نے گجرات پہنچ کر سب سے پہلے بغاوت فرو کی اور امن و امان بحال کیا۔ یہاں یہ ہو رہا تھا ادھر دہلی روز بروز تباہ ہو رہی تھی۔ وہاں کے برائے نام بادشاہ محمد شاہ تغلق ثانی پر اس کے وزیر اقبال خان کا پورا تسلط تھا۔ اور حکمرانی کے کل اختیارات اس کے قبضہ میں آچکے تھے۔ تیمور نے ۸۰۱ھ/۱۳۹۸ء میں دہلی پہنچ کر اس کی رہی سہی عظمت بھی خاک میں ملادی اور فیروز شاہ کا خاندان تباہ و برباد ہو گیا[۵]

ظفر خان نے مظفر شاہ کا لقب اختیار کر کے ۸۱۰ھ/۱۴۰۷ء اپنی خود مختاری کا اعلان کر دیا اور اس طرح سلطنت گجرات وجود میں آئی جو دوسو سال تک بڑی شان و شوکت سے چل کر ختم ہو گئی[۶]۔ سلاطین گجرات کے مختصر دور میں ہر حیثیت سے جو ترقی ہوئی سلاطین دہلی کئی سو سال میں نہ کر سکے۔ احمد آباد جملہ علوم و فنون کا مرکز رہا اور ادبی، علمی، تجارتی، صنعتی اور معاشرتی ترقی جو یہاں اس دور میں ہوئی اس کی مثال ہندوستان کا کوئی بھی خطہ پیش نہ کر سکا۔

احمد شاہ بانیٔ احمد آباد۔ مظفر کا پوتا ۸۱۳ھ م ۱۴۱۵ء میں تخت نشین ہوا اور اسکے دور میں سید جلال الدین جہانیاں جہاں گشت کے پوتے سید برہان الدین عبداللہ قطب عالم ۷۹۰ھ ۸۵۷ھ اچھ (ملتان) سے احمد آباد تشریف لائے سلطان احمد شاہ آپکی اتنی عزت کرتا تھا اور آپ سے اسقدر عقیدت رکھتا تھا کہ آپکی شان میں اس نے ایک قطعہ لکھا اور اس کو آپ کے سامنے مؤدبانہ کھڑے ہو کر پڑھا[۷]

---

۵ مراۃ احمدی ۔ علی محمد خان ۶ یاد ایام ۔ مولوی عبدالحئی

۷ " " "

قطب زمانۂ ما برہان است مارا
برہان او ہمیشہ چون فاش آشکارا

قطب عالم کے منجھلے صاحبزادے سید سراج الدین محمد شاہ عالم (۱۴۸۷-۱۴۸۸ء)
جید عالم اور صاحب تصنیف نامور صوفی بزرگ گزرے ہیں اور آپ کی اولاد میں
جو خاندان شاہیہ کے نام سے مشہور ہے۔ بہت سے عالم اور صوفی بزرگ پیدا
ہوئے۔ آپ کی متعدد تصانیف ہیں جو تصوف پر لکھی گئی ہیں ان میں سے صرف
دو رسالوں کا تعارف کرانا مقصود ہے۔ آپ کی تصنیف لطائف شاہیہ میں جو
آپ کے اوراد کا مجموعہ ہے یہ دونوں رسالے شامل ہیں۔

ان رسالوں کو سمجھنے کے لئے تصوف کی چند اصطلاحات کا جاننا
ضروری ہے۔ اس لئے ان اصطلاحات پر ذیل میں بحث کی گئی ہے۔ بعد میں
مصنف حضرت شاہ عالم اور مؤلف حضرت مقبول عالم پر ایک مختصر
نوٹ لکھا گیا ہے پھر لطائف شاہیہ کے نسخہ پر بحث ہے اور رسالوں میں
جن بزرگوں کے نام آئے ہیں ان کا تعارف کرایا گیا ہے اور سب کے بعد
میں اصل رسالے ہیں۔

(۱)

شجرہ کی اصل حقیقت

شجرہ کی دو قسمیں ہیں (۱) شجرہ اور (۲) دعا مع التوسل
اوّل الذکر شجرہ میں باپ دادا پردادا کی مختلف کڑیوں کو ایک سلسلہ میں
درج کیا جاتا ہے۔ زمانہ جاہلیہ کے عربوں میں یہ ایک اہم فن تھا۔ اسلام

چونکہ حسب ونسب کے تفاخر کو توڑنے آیا تھا اس لئے اسلام کے پھیلنے
کے ساتھ ہی یہ شجرہ خوانی یا شجرہ نویسی ماند پڑی اور حضور اکرمؐ کے حجۃ الوداع
کے خطبہ کے بعد تو حسب ونسب کی سب عمارتیں ٹوٹ گئیں مگر تاریخ اسلام
میں ایک دور ایسا بھی آیا کہ اس فن کی از سرِ نو ضرورت پیش آئی مگر اس
مرتبہ تسلی تفاخر کے لئے افراد واشخاص کی جانچ پڑتال کے لئے ان کے حسب
نسب کو معلوم کیا گیا اور اس فن کی کتابیں مرتب کی گئیں جیسے علامہ ابن حزم کی
تاکہ روایت کو جانچا جا سکے اسی سے ملتا جلتا مسلمانوں نے ایک نیا فن ایجاد کیا جو اسماء و
جمرۃ الانساء الرجال کے نام سے موسوم ہے۔ شجرہ کی دوسری قسم دعا مع التوسل ہے
دُعا مع التوسل :۔ یہ صوفیاء کرام کی اصطلاح ہے۔ اس میں باپ دادا کا
ذکر نہیں ہوتا مگر ایک "طالب" اپنے پیر و مرشد۔ کا ذکر کرتا ہے اس طرح یہ
ایک خاص طریقہ کے بزرگوں کے نام لیتا چلا جاتا ہے جب تک بانی سلسلہ
کا نام آجائے جو اکثر و بیشتر حضرت علی کرم اللہ وجہہ ہیں اور پھر ان کے
وسیلے سے دُعا مانگتا ہے۔ اس شجرہ کو دعا مع التوسل کہتے ہیں[۱] (التوسل و
التسلسل از محمد مدعو یہ سراج الحق) حضرت علی کرم اللہ وجہہ کے
علاوہ اور اصحاب کرام بھی بانی سلسلہ ہیں جیسے حضرت ابو بکر
صدیقؓ[۲] (ازالۃ الخفا۔ شاہ ولی اللہ) کبھی ایسا بھی ہوتا ہے کہ ایک
خاندان مسلسل بزرگان دین پیدا کرتا ہے اور بیٹا باپ کا اور باپ دادا
کا مرید ہوتا ہے یعنی دونوں لحاظ سے جانشین۔ نسبی اور روحانی۔ اس صورت
میں چند کڑیاں نسبی ہوتی ہیں مثلاً سادات بخاری احمد آباد جن کا ذکر آگے آئیگا۔

---

(۱) کتاب التوسل والتسلسل۔ مولوی سراج الحق (۲) ازالۃ الخفا۔ شاہ ولی اللہ

شجرہ کی اصل حقیقت: ۔شجرہ کی اصل حقیقت کے متعلق حکیم الامت مولانا اشرف علی تھانوی صاحب اپنے وعظ "اکبرالاعمال" میں فرماتے ہیں"

(اوپر تقریر کے دوران حضرت نے شجرہ کا "ذکر" فرمایا تھا۔ اس کے بعد کہتے ہیں) ... شاید یہاں یہ سوال پیدا ہو کہ بزرگوں کے شجرہ کو تم نے ذکر میں کیوں داخل کیا تو اس کا یہ جواب ہے کہ شجرہ کا حاصل "دعا مع التوسل" ہے اور دعا "ذکر" کا فرد ہے یہ تو وہ شجرہ ہے جسمیں بزرگوں کے واسطہ سے دعا مانگی جائے جیسا ہمارے حاجی امداد اللہ صاحب کا شجرہ ہے۔ اور ایک شجرہ وہ ہے جو پیر کے نام کا وظیفہ پڑھا[1] جائے یہ ناجائز ہے اور ابن تیمیہ تو پہلے شجرہ کو بھی (جس میں بزرگوں کے واسطہ سے دعا مانگی جائے) ناجائز کہتے ہیں کیونکہ وہ توسل بالاموات سے مطلقاً منع کرتے ہیں گو یہ مسئلہ اجتہادی ہے مگر ہم یہ ضرور کہیں گے کہ ان کی رائے صحیح نہیں ۔ توسل بالصلحا کی جو صورت ہے (جو شجرہ میں ہے) کہ اے اللہ فلاں شخص میرے نزدیک آپکا مقبول ہے اور مقبولین سے محبت رکھنے پر "المرءُ مَعَ مَنْ اَحَبَّ" میں آپ کا وعدہ رحمت ہے۔ میں آپ سے اس رحمت کو مانگتا ہوں پس توسل میں یہ شخص اپنی محبت کو اولیاء اللہ کے ساتھ ظاہر کر کے اس محبت پر رحمت اور ثواب مانگتا ہے اور محبت اولیاء اللہ کا موجب رحمت و ثواب ہونا نصوص سے ثابت ہے۔ چنانچہ متحابین فی اللہ کے فضائل سے احادیث بھری ہوئی ہیں۔ اب یہ اشکال جاتا رہا کہ بزرگ کی بزرگی اور برکت کو رحمت حق میں کیا دخل ہے دخل یہ ہوا کہ اس بزرگ سے

---

(۱) مناجات مقبول :۔ اشرف علی تھانوی

محبت رکھنا حبّ اللہ کی فرد ہے اور حبّ فی اللہ پر ثواب کا وعدہ[1] ہے۔

اس تقریر کے بعد اَمّا بنِعمَۃِ رَبّکَ فحَدِّث پر عمل کر کے تحدیث بنعمۃ کے طور پر یہ کہتا ہوں کہ ابن تیمیہؒ اگر یہ تقریر سُنتے تو توسل کے جواز کا ہرگز انکار نہ کرتے کیونکہ اس کے سب مقدّمات صحیح ہیں۔

تو ہم نے دیکھا کہ شجرہ مع التوسل کی بھی دو قسمیں ہیں (۱) حُبّ فی اللہ یہ جائز ہے (۲) بزرگوں کو اللہ تعالیٰ کے کاموں میں دخیل سمجھکر پکارنا یا ذکر کرنا۔ یہ ناجائز بلکہ شرک ہے۔

شجرہ کا درجہ:۔ شجرہ فرض یا نفل عبادت سے کسی کو بے نیاز نہیں کر سکتا نہ تزکیہ قلب اور اصلاح نفس کا دارو مدار اس پر ہے علما اس کو مستحب اور مستحسن مانتے ہیں اور صوفیاء کرام وجدانی طور پر بہت بابرکت سمجھتے ہیں۔ شجرہ کے دُو جز ہیں (۱) اللہ تعالیٰ سے اپنے لئے دُعا کرنا۔ اور یہ ذکر اور دُعا ہونے کی وجہ سے قرآن اور حدیث کے مطابق ہے۔ الدعاء مخ العبادۃ (۲) دوسرا جز صلحا کا نام لینا اور واسطہ دینا ہے اور اوپر بتایا جا چکا ہے کہ یہ بھی قرآن اور حدیث کے مطابق ہے۔ صلحا کا نام لینا اور اُن کا ذکر کرنا بھی خود مستقل طور پر انکے ساتھ محبت ہونے کی علامت ہے اور ان کے ساتھ ہونے کی تمنا کا اظہار ہے اور یہ بھی کتاب اور سنّت کے مطابق ہے۔ قرآن شریف میں جگہ جگہ آیا ہے۔ کُونُوا مَعَ الصَّادِقِین اَلحِقنی بالصالحین وَاذکُر فی الکتاب موسیٰ۔ ان آیات میں صلحا کا نام لینا اور ذکر کرنے کا

---

(۱) مناجات مقبول۔ حضرت اشرف علی تھانوی

ثبوت ہے۔ ان کے ساتھ رہنے کا اور محبت کرنے کا حکم ہے۔

شجرہ سے نفع و غرض:۔

(۱) صوفیاء کرام کو جو باطنی اور روحانی نعمت ملی ہے وہ حضورؐ سے ملی ہے اور صحابہ کرام۔ تابعین۔ تبع تابعین اور بعد کے صلحا کے ذریعہ اس لئے وہ شجرہ پڑھتے کہ تمام محسنوں کے یاد بھی تازہ ہو جائے اور اللہ تعالےٰ کا شکرادا کرنے کے ساتھ ساتھ ان بزرگوں کا شکریہ بھی ادا ہو جائے۔

(۲) اپنا سلسلہ اور شجرہ پڑھتے وقت صوفی کی مثال ایسی ہوتی ہے کہ گویا آنحضرتؐ سے لیکر پڑھنے والے تک جملہ اکابر سلسلہ ایک جگہ موجود ہیں اور ایک دوسرے کا ہاتھ پکڑے ہوئے ہیں اور بجلی کی نہر کی طرح نفع باطنی اور مدد روحانی آنحضرتؐ سے لیکر پڑھنے والے تک منتقل ہوتی چلی آتی ہے۔

(۳) شجرہ پڑھنے والا گو بد عمل ہو[۱]۔ اور گو وہ بے دلی سے شجرہ پڑھے (ہاں سلسلہ سے خارج نہ ہوچکا ہو) تو صلحا۔ تبع تابعین، تابعین، صحابہ اور حضورؐ کے ذکر کے ساتھ اس کا ہونا ایسا سمجھا جائیگا جیسے کہیں نیکوں کا مجمع ہو اور ایک شخص راستے سے گزرتا ہوا مجمع کو دیکھکر تماشائی کے طور پر محفل کے کنارے آکر بیٹھ جائے تو ثواب اور برکت کا حصہ ملنے کے بارے میں لسان رسولؐ کے ذریعہ حق تعالیٰ کا وعدہ ہے "ھم الجلساء لا یشقی جلیسھم (اس جماعت کے ساتھ بیٹھنے والا

۱۔ بخاری شریف ۔ فضل الذکر

بھی محروم نہ کیا جائیگا۔

(۴) روزانہ شجرہ پڑھنے سے ایک نہ ایک دن اس کے دل میں یہ خیال بھی ضرور پیدا ہوگا کہ ان کے نام جب ہم زندہ رکھتے ہیں تو ان کے کام کو بھی زندہ کرنا اور ان کی تقلید کرنا ہمارا فرض ہے۔ اور یہ (شجرہ پڑھنا) باعث نجات بن جائے۔ [۲، ۳]

۱۷

چونکہ مصنف رسالہ حضرت شاہ عالمؒ اور مؤلف رسالہ حضرت مقبول عالمؒ اور سید سکندر بن مسعود جنکی اولاد میں یہ رسالہ بطور شجرہ پڑھا جاتا ہے طریق سہروردیہ کے پیرو تھے اس لئے اس سلسلہ کے بانی اور ممتاز بزرگوں کا مختصر حال تحریر کرنا بے محل نہ ہوگا۔

بانی سلسلہ حضرت ضیاء الدین ابونجیب۔ حضرت شیخ ضیاء الدین ابونجیب ۴۹۰ھ میں بمقام سہرورد پیدا ہوئے آپ اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے کے لئے بغداد تشریف لے گئے اور وہاں محدث عراق شیخ ابوعلی محمد بن سعید (م ۵۱۱ھ) سے علم حدیث کا درس لیا۔ اس کے بعد آپ حجتہ الاسلام امام غزالیؒ کے بھائی امام ربانی احمدؒ بن محمد غزالی کی صحبت میں رہے اور ان سے تصوف کے اسرار و رموز حاصل کئے۔

شیخ شہاب الدین سہروردیؒ۔ حضرت شیخ شہاب الدین ابوحفص عمر بن محمد سہروردی حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی نسل سے تعلق رکھتے ہیں۔ مشہور مؤرخ ابن خلکان نے آپ کا سلسلہ نسب اس طرح بیان

---

(۲) مناجات مقبول۔ اشرف علی تھانویؒ (۳) کتاب التوسل و تسلسل مولوی محمد مدعو بہ سراج الحق

کیا ہے۔ ابوحفص عمر بن محمد بن عبداللہ بن محمد عمویہ بن سعد بن حسن بن قاسم بن علقمہ بن نصر بن معاذ بن عبدالرحمان بن قاسم بن محمد بن ابوبکر صدیقؓ۔ آپ رجب ۵۳۹ھ میں پیدا ہوئے اور ۹۳ برس کی عمر میں محرم ۶۳۲ھ میں انتقال فرمایا۔ آپ کا مزار شریف بغداد میں ہے[1]۔

حضرت ابوبکر صدیق کے پوتے حضرت قاسم بن محمد جید عالم اور بزرگ تھے، اجل تابعین میں آپ کا شمار ہے اور آپ امام جعفر صادق کے نانا تھے۔ امام جعفر صادق نے آپ سے فیض حاصل کیا اور خرقہ بھی۔ اس طرح امام جعفر صادق دونوں سلسلوں میں بیعت تھے حضرت علی کرم اور حضرت ابوبکرؓ سے

شیخ شہاب الدین اپنے عم محترم بانیٔ سلسلہ سہروردیہ ضیاء الدین سے بیعت تھے۔ آپکی وجہ سے سلسلہ کو بہت فروغ حاصل ہوا۔ آپکی تصوف پر مشہور کتاب "عوارف المعارف" ہے جسکے لئے حضرت جلال الدین جہانیاں جہانگشت اپنی محفل میں فرمایا کرتے تھے کہ اگر کسی شخص کا کوئی پیرو مرشد نہ ہو اور وہ "عوارف المعارف" پڑھکر اس پر عمل کرے تو بلاشک ولی ہو جائے

آپ کو علم کلام سے بہت شغف تھا جو آپ کے عم محترم کو پسند نہیں تھا وہ آپ کو شیخ عبدالقادر جیلانیؒ کے پاس لے گئے۔ حضرت غوث الاعظم نے آپ کو سینہ سے لگایا اور فرمایا "یا عمر انت آخر المشہورین بالعراق"۔ حضرت کے اس جملے سے شیخ شہاب الدین کے قلب پر کچھ ایسا اثر ہوا کہ علم کلام کو بھول بھال کر راہ سلوک میں لگ گئے اور وہ مدارج طے کئے کہ تصوف میں آپ کا نام روشن ہو گیا آپ کا سلسلہ طریق یہ ہے۔ شیخ شہاب الدین از ضیاء الدین از وجیہہ الدین عبدالقادر

۱۔ عوارف المعارف۔ شہاب الدین سہروردی۔ اس کا اردو ترجمہ سید رشید احمد نے کیا ہے۔
۲۔ الخفا۔ شاہ ولی اللہ

ازابومحمد از شاہ احمد دینوری از جنید بغدادی از معروف کرخی از داؤد طائی از حبیب عجمی از حسن بصری از حضرت علی کرم اللہ وجہہٗ

آپ کے مریدین کی تعداد بڑی کثرت سے تھی۔ چند ممتاز خلفاء کے نام حسب ذیل ہیں۔

(۱) حضرت بہاؤالدین زکریا ملتانیؒ

(۲) حضرت محمد امین ناگوریؒ

(۳) حضرت نجیب الدین شیرازیؒ

(۴) حضرت مصلح الدین سعدی شیرازی

(۵) حضرت ظہیرالدین اور (۶) محمد الیمنی

شیخ سعدی نے "بوستان" میں اپنے پیرومرشد کا ذکر یوں کیا ہے:-

مقالات مردان بمردی شنو
نہ سعدی کہ از سہروردی شنو
مرا پیر دانائے ومرشد شہاب
دو اندرز فرمودہ بر روئے آب
یکے آنکہ بر خویش خود بین مباش
دوم آنکہ بر غیر بدبین مباش

سید جلال الدین جہانیاں جہانگشتؒ:-

چونکہ مصنف لطفہٗ شاہیہ

شاہ عالم، سید جلال الدین بخاری کے پرپوتے ہیں اور سید جلال الدین سہروردیہ

۱؎ مناجات مقبول۔ از۔ حضرت اشرف علی تھانوی

سلسلہ کے ممتاز بزرگوں میں سے ہیں اس لئے آپ پر بھی مختصر نوٹ بے جا نہ ہوگا۔

آپکی ولادت باسعادت ۱۴ر شعبان ۷۰۷ھ مطابق ۱۳۰۷ء بروز جمعرات اوچھ (ملتان) میں ہوئی اور آپ کا وصال ۱۰ر ذی الحجہ ۷۸۵ھ م ۳ر فروری ۱۳۸۴ء چہار شنبہ کو ہوا۔ مزار شریف آپ کا اوچھ (ملتان) میں ہے۱؎

آپ سلسلہ سہروردیہ میں اپنے والد بزرگوار سید احمد کبیرؒ سے بیعت تھے اور انہی سے خلافت پائی۔ نیز اسی سلسلہ میں آپ شیخ ابوالفتح رکن الدین۔ نبیرہ شیخ بہاؤالدین ذکریا ملتانی کے تربیت یافتہ اور خلیفہ تھے۔

سلسلہ چشتیہ میں آپ حضرت نصیرالدین محمود چراغ دہلی سے بیعت تھے۔ سلسلہ یوں ہے۔ سید جلال الدین از نصیرالدین محمود چراغ دہلی از خواجہ نظام الدین اولیاء از خواجہ فریدالدین مسعود شکر گنج از خواجہ بختیار کاکی از خواجہ معین الدین چشتی اجمیری از خواجہ عثمان ہراونی از ... سیدنا حضرت علی کرم اللہ وجہہ (حضرت نصیرالدین محمود چراغ دہلی کا سید جلال الدین بخاری کے نام اجازت نامہ راقم الحروف نے سجادہ نشین سادات ترمذ سیدا میر میاں کے پاس مانگرول کاٹھیاواڑ میں دیکھا ہے)

سلسلہ قادریہ میں آپ حضرت شیخ عفیف الدین عبداللہ یافعی سے بیعت ہوئے اور خلافت پائی۔ آپ جب مکہ معظمہ میں مقیم تھے اس وقت امام یافعی سے بیعت ہوئے۔

سیدنا حضرت علی کرم اللہ وجہہ کے علاوہ مخدوم جہانیاں جہانگشت۲؎ کے پاس بعض اور خرقے بھی تھے مثلاً (۱) چار خرقے۔ بواسطہ حضرت ابوبکر صدیق

۱؎ مخدوم جہانیاں جہانگشت۔ محمد ایوب قادری ۱؎ تذکرۂ مخدوم جہانیاں جہانگشت۔ سخاوت مرزا
۲؎ مخدوم جہانیاں جہانگشت۔ محمد ایوب قادری ۲؎ جواہر جلالی۔ قلمی۔ فضل عباس

(۲) تین خرقے - بواسطہ حضرت عمر فاروقؓ (۳) ایک خرقہ - بواسطہ حضرت عباس بن عبدالمطلب (۴) ایک خرقہ - بواسطہ حضرت ابو الدرداء انصاریؓ (احدٌ مِنَ الاصحابِ الصفہ)

قبل اس کے ہم کتاب (لطائف شاہیہ) پیش کریں نا مناسب نہ ہوگا اگر ہم پہلے حالات مصنف سید شاہ عالم مؤلف کتاب سید مقبول عالم اور دیگران بزرگوں کا جن کا ذکر رسالہ زینت المفاتیح کا جو لطائف شاہیہ میں شامل ہے اجمالی تذکرہ کریں۔ نیز ان بزرگان سادات ترمذ مانگرول کا بھی جنکے یہاں سال میں دو مرتبہ رسالہ زینت المفاتیح شجرہ کے طور پر پڑھا جاتا ہے اجمالی حال لکھیں۔

مصنف کتاب سید شاہ عالم بخاری: ۔ ڈاکٹر نویڈ کا مقولہ ہے کہ سید جلال سرخ بخاری کا ہندوستان میں ورود تاریخ اسلام ہند کا ایک اہم ترین واقعہ ہے۔ سید جلال سرخ کے پوتے سید جلال الدین مخدوم جہانیاں جہانگشت نے اوچھ (ملتان) میں منظم تبلیغی تحریک شروع کی جس کے نتیجہ میں ہزاروں نفوس مشرف بہ اسلام ہوئے۔ آپکی اولاد اور خلفاء جہاں بھی گئے انھوں نے اپنے اعلیٰ کردار سے لوگوں کو بیحد متاثر کیا اور اشاعت اسلام اور تبلیغ کے لئے زمین ہموار کردی۔ مخدوم جہانیاں جہانگشت نے شیخ شرف الدین مشہدی کو بھروچ (گجرات) بھیجا اور سید سکندر بن مسعود ترمذی کو مانگرول (کاٹھیاواڑ) میں دین کی اشاعت اور خدمت کے لئے متعین کیا۔ آپ نے اپنے پوتے سید برہان الدین عبداللہ قطب عالم کو نہروالا (گجرات) بھیجا جہاں سے آپ بٹوہ

(نزد احمد آباد) تشریف لے گئے اور وہیں مقیم ہو کر رشد و ہدایت میں اپنی زندگی صرف کر دی۔ قطب عالم کے منجھلے صاحبزادہ سید شاہ عالم نے رسول آباد (نزد احمد آباد) میں اپنی خانقاہ قائم کی اور اپنی پوری زندگی درس و تدریس اور رشد و ہدایت میں گزار دی۔ اس خانقاہ سے متعدد مشائخ اور علماء نے فیض یاب اور فارغ التحصیل ہو کر اور اپنی اپنی خانقاہیں اور درس گاہیں شروع کر کے تبلیغی سلسلہ جاری رکھا۔(۱)

برہان الدین عبداللہ قطب عالم کے منجھلے صاحب زادے سراج الدین ابوالبرکات سید محمد معروف بشاہ عالم کی ولادت باسعادت ۱۷ ذی القعدہ ۸۱۷ھ مطابق ۱۴۱۵ء بروز دوشنبہ ہوئی۔ آپکی والدہ کا نام آمینہ تھا۔ تاریخ ولادت "وارث علیؑ" سے نکلتی ہے۔ آپ کا وصال بروز سنیچر ۲۰ جمادی الثانی ۸۸۰ھ مطابق ۱۴۷۵ء کو ہوا۔ آپ کا مزار رسول آباد (نزد احمد آباد) میں ہے۔ یہاں آپکی رہائش بھی تھی اور وہیں (رسول آباد میں) آپ نے ایک خانقاہ قائم کی تھی۔ خانقاہ علوم دین کا مرکز تھی آپ کے ایک مرید تاج خان نے خانقاہ کے لئے ایک خوبصورت عمارت بنادی تھی

یہ خانقاہ علوم اسلامیہ کی ایک بڑی جامعہ Academy تھی۔ اس جامعہ میں شاہ عالم ہر جمعہ کے روز لیکچر (خطبہ) دیا کرتے تھے جس کو سننے کے لئے علماء و مشائخ احمد آباد اور اطراف سے آتے تھے اور فیض یاب ہوتے تھے۔ یہاں ظاہری اور باطنی علوم کی درس و تدریس ہوتی تھی۔ اور ہندوستان کے کونے کونے میں پیغام اسلام پھیلتا تھا۔ خانقاہ سے ملحق ایک خوبصورت مسجد تھی جو

Dr. Bakir Ali Tirmidhi :- "Contribution of

آپ کے ایک مرید محمد صالح بدخشی نے بنوائی تھی۔

تصانیف :۔ آپ نے تصوف کے موضوع پر ۳۶[۱] تصانیف لکھی ہیں جن میں سے بیشتر محفوظ نہ رہ سکیں۔ مرہٹوں نے گجرات میں جو قتل و غارت گری کی اور تباہی مچائی اس کی بھینٹ چڑھ گئیں۔ ذیل میں ان تصانیف کا ذکر ہے جو دست یاب ہیں یا جن کا ذکر اور حوالہ اور کتابوں میں موجود ہیں۔

(۱) رسالہ فی مناقب خلفاء راشدین :۔ یہ پانچ فصلوں میں تقسیم ہے (الف) فی مناقب صحابۃ سید المرسلین (ب) فی مناقب حضرت ابی بکرؓ (رت) فی مناقب حضرت عمرؓ (ث) فی[۱] مناقب حضرت عثمانؓ (ج) فی مناقب حضرت علی کرم اللہ وجہہ[۱]

(۲) رسالۃ الرضائیۃ :۔ اس رسالہ میں عقائد "توکل" پر بحث کی گئی ہے۔[۱]

(۳) الرسالۃ الکاظمیۃ :۔ اس رسالہ میں "جہاد" اور اسکے مقاصد پر بحث ہے[۱]

(۴) الرسالۃ الصادقیۃ :۔ اس رسالہ میں "جبر" اور "اختیار" کا موضوع زیر بحث آیا ہے[۱]

(۵) الرسالۃ الاشقریۃ :۔ یہ رسالہ سید علی اشقر معروف بہ جمال اللہ۔ جنسے شاہ عالمؒ کو بہت عقیدت تھی۔ کی یاد میں لکھا گیا ہے[۱]

(۶) الرسالہ صفیہ :۔ اس رسالہ کا حوالہ حضرت شاہ عالمؒ نے اپنی ایک مجلس میں دیا تھا۔ یہ رسالہ ۱۱ر محرم ۸۷۳ھ میں لکھا تھا (جمعتہ شاہیہ جلد چہارم خطبہ نمبر ۲ میں اس کا ذکر ہے[۱])

(۷) الرسالۃ الجلالیہ۔ یہ تصوف پر ایک رسالہ ہے اور حضرت مخدوم جہانیاں جہانگشت کی یاد میں لکھا گیا ہے[۱]

(۸) الرسالہ جامع الطرق البرہانیۃ :- حضرت قطب عالمؒ اور حضرت شاہ عالمؒ کو ۱۴ خرقوں سے جو اجازت نامے ملے تھے اُن کی تفصیلی فہرست ہے اور جن جن صوفیائے کرام اور بزرگان دین سے یہ خرقے ملے تھے ان کا ذکر خیر ہے۔ اس کا اصل واحد قلمی نسخہ جو ۱۵۰ صفحات پر مشتمل ہے درگاہ پیر محمد شاہ لائبریری احمد آباد میں موجود ہے (۱)

(۹) الرسالہ اعتماد المریدین :- آپ کے مریدوں کے لئے روزمرہ کے معمول پر ایک رسالہ ہے (جمعۃ شاہیہ میں ذکر ہے) (۱)

(۱۰) الرسالۃ الحسینیۃ :- اس رسالہ میں "وحدۃ الوجود" کا مضمون سمجھایا گیا ہے۔

(۱۱) الرسالہ المحمدیۃ - یہ رسالہ دو حصوں میں تقسیم ہے (ا) فی حکایات المقربین (جمعۃ شاہیہ جلد ۵ صفحہ ۵۱ پر اس کا ذکر ہے (۲)) (ب) فی مناجات العاشقین۔

(۱۲) مفاتیح الخزائن اللہ حضرت شاہ عالم نے اپنے مریدوں کے لئے روزمرہ پڑھنے کے لئے اوراد پر مشتمل ایک رسالہ لکھا جس کا نام مفاتیح الخزائن اللہ یا فتح الذاکرین ہے حضرت شاہ عالم نے ۸۵۱ھ میں لکھا مگر منظر عام پر ۸۶۳ھ لائے (۱)

(۱۳) رسالہ زینت المفاتیح - یہ بھی اوراد پر مشتمل ایک رسالہ ہے اور رسالہ "مفاتیح" سے پہلے پڑھا جاتا ہے (۱)

رسالے نمبر ۱۲، ۱۳ اور ۱۱ کا (ب) حصہ لطائفہ شاہیہ میں حضرت مقبول عالم نے محفوظ کر دیا ہے۔

---

(۱) ڈاکٹر باقر علی ترمذی نے اپنی Contribution of Gujrat میں یہ فہرست تصانیف جمعۃ شاہیہ کے حوالے سے دی ہے۔

(۲) اکبر علی ترمذی - جلالی احمد آبادی - نوائے ادب

مؤلف کتاب حضرت مقبول عالمؒ

نام آپ کا محمد، لقب نظام الدین، کنیت ابوالفتح[۲] خطاب مقبول عالم اور تخلص جلالی ہے۔ آپ کے والد کا نام جلال الدین شاہ عالم اور والدہ کا نام آمنہ تھا[۱] لطائفہ شاہیہ کے سرورق پر آپ نے اپنا نسب نامہ یوں لکھا ہے۔ سید محمد مقبول عالم بن سید جلال ماہ عالم بن سید حسن بن سید عبدالغفور بن سید احمد شہید بن سید شاہ محمد راجو بن سید محمد شاہ عالم۔ رسالہ زینت المفاتیح جو لطائفہ شاہیہ میں شامل ہے یہی نسب نامہ درج ہے۔ آپ کی ولادت ۱۴ رجب ۹۸۹ھ / ۱۵۸۱ء کو احمد آباد میں ہوئی آپ کے والد سید جلال الدین ماہ عالم ۹۵۹ھ / ۱۵۵۱ء میں پیدا ہوئے اور ۱۰۰۲ھ / ۱۵۹۴ء میں وصال ہوا۔ آپ صوفی منش بزرگ تھے اور گوشہ نشین تھے۔ مغل شہنشاہ اکبر نے ۹۸۵ھ / ۱۵۷۷ء میں گجرات فتح کیا تو آپ کو آستانہ شاہیہ کا جانشین بنایا۔

آپ کا سن ولادت ۹۸۹ھ / ۱۵۸۱ء ہے جب کہ شہنشاہ اکبر گجرات ۹۸۵ھ / ۱۵۷۷ء میں فتح کر چکا تھا اور گجرات مغلوں کے تسلط میں آچکا تھا۔ آپ کا اول دور کافی پر آشوب اور افراتفری کا تھا تاہم اسی دور میں ماہرین علوم و فنون گجرات میں وارد ہوئے اور خود گجرات نے بھی کئی علما دصلی پیدا کئے ۔ ترکی امیر چنگیز خان کی صوبیداری میں عرب اور عجم کے کاملین فن یہاں آئے۔ جبشہ کے امراء بھی اس دور میں پیچھے نہیں رہے۔ سیدی سجاد۔ جن کو مقامی لوگ سیدی سئید سے یاد کرتے ہیں۔ اسی زمانہ میں احمد آباد تشریف لائے اور ایک لاثانی مسجد تعمیر کرائی محمد طاہر فتنی نے اسی زمانہ میں حدیث پر

---

(۱) مرآۃ احمدی از علی محمد خان (۲) جلالی احمد آبادی ۔ نوادر ادب اکبر علی ترمذی

اپنی بیش بہا کتاب "مجمع البحار[۱] انوار" لکھی اور علم حدیث میں ایک گراں قدر اضافہ کیا۔ اسی زمانہ میں شیخ وجیہہ الدینؒ علوی نے اپنی خانقاہ شروع کی اور علوم و فنون کی درس و تدریس کا سلسلہ جاری کیا۔ یہاں ہندوستان کے کونے کونے سے تشنگان علم و معرفت آئے اور اپنی تشنگی بجھا کر واپس گئے ابو تراب مصنف تاریخ گجرات، حاجی دبیر مصنف عربی تاریخ گجرات۔ ظفر الوالا، سکندر مصنف مرآۃ سکندری، اور محمد بخاری مصنف تاریخ سلاطین گجرات (قلمی نسخہ کا فوٹو سٹاٹ) راقم الحروف کے پاس ہے اور جناب اکبر علی ترمذی نے اس نسخہ سے اور ڈاکٹر رگھو بیر (مینا ماؤ) کے مائکرو فلم نسخہ سے اس کتاب کو بیش بہا حواشی کے ساتھ شائع کیا ہے۔ مقدمہ بھارت کے مشہور مؤرخ آنجہانی ڈاکٹر تارا چند نے لکھا اور Aligarh University
History department نے شائع کیا ہے۔[۱]

آپ نے تعلیم رسول آباد کے مکتب میں جسے شاہ عالمؒ نے قائم کیا تھا۔ حاصل کی۔ آپ کے اُستاد شیخ ہاشم سراج تھے۔ قارئین کو تعجب ہوگا کہ جب شاہ وجیہہ الدین علوی کی خانقاہ موجود تھی تو آپ نے وہاں تعلیم کیوں نہ پائی۔ وجہ یہ ہے کہ وجیہہ والدین علوی کی کبر سنی تھی اور ہمارے مؤلف مقبول عالم عہدِ طفولیت میں تھے۔ البتہ آپ کے والد بزرگوار سید جلال الدین ماہ عالم حضرت علوی کی خانقاہ سے مستفیض ہوئے تھے۔ حضرت مقبول عالم نے تفسیر حدیث۔ فقہ۔ علم نجوم۔ فلسفہ پر قدرت حاصل کر لی اور عربی اور فارسی میں مہارت۔ آپ فارسی کے بلند مرتبہ شاعر بھی تھے اور رجلالی

Al-umar or Sarhad

(۱) طاہر فتنی۔ از ڈاکٹر باقر علی ترمذی
(۲) وجیہہ الدین علوی از ڈاکٹر دارث علی ترمذی۔ سرحد جون جولائی
(۱) تاریخ سلاطین گجرات

تخلص کرتے تھے۔ آپ اپنے والد سید ماہ عالم سے بیعت تھے اور سید ماہ عالم کے وصال سے دو مہینہ پیشتر ہی آپ آستانہ شاہیہ کے جانشین مقرر ہو گئے۔

جب مغل شہنشاہ جہانگیر ۱۰۲۷ھ ۱۶۱۸ء میں احمد آباد آیا تو آپ سے مل کر بہت خوش ہوا اور آپ سے درخواست کی کہ آپ قرآن شریف کا سلیس ترجمہ فارسی میں کریں جو آپ نے کیا۔ جہانگیر آپ کے زہد و تقویٰ اور علمیت سے بہت متاثر ہوا اور آپ کا معتقد ہو گیا۔

عبدالرحیم خان خانان۔ گجرات کا صوبیدار۔ آپ کا شاگرد اور معتقد تھا اور آپ کی بیحد عزت کرتا تھا۔ دیگر امراء عہد اکبری و عہد جہانگیری بھی آپ کے زمرۂ مریدین میں شامل تھے۔

آپ کا ۵۶ سال کی عمر میں ۱۲ رجب ۱۰۴۵ء کو وصال ہوا اور شاہ عالم کے روضہ کے بالمقابل رسول آباد میں آپ مدفون ہیں۔ آپ کی قبر پر قدم رسول نصب[1] ہے

مقبرہ۔ آپ کے ایک مرید سیف خان نے بنوا دیا تھا اور قبر پر ایک روضہ بنا ہوا ہے۔

تصانیف:۔ آپکی تصانیف بہت سی ہیں مگر چند کے علاوہ دوسری ناپید ہو گئی ہیں۔ مرآۃ احمدی میں آپکی تصانیف کا ذکر ہے اور لکھا ہے کہ افسوس ہے کہ آپکی بہت سی تصانیف ضائع ہو گئی ہیں تاہم ڈاکٹر باقر علی ترمذی[1] اور سید اکبر علی[2] ترمذی نے ذیل کی کتابوں کا سراغ لگایا ہے۔

---

(۱) فارسی گو شعراء گجرات از ڈاکٹر چھوٹو بھائی لالو بھائی جوہری (Contribution)
(۱) ڈاکٹر باقر علی (۲) اکبر علی ترمذی۔ نوادر ادب جلالی

(۱) دیوان جلالی - یہ فارسی اشعار کا دیوان ہے - اس کا ایک مخطوطہ اچھی حالت میں کتب خانہ پیر محمد شاہ احمد آباد میں موجود ہے۔

(۲) احصاء الاسماء :- اسماء الٰہی اور ان کے صفات پر مشتمل فارسی میں ایک رسالہ ہے - جو نایاب ہے ۔ اس رسالہ کا ذکر حضرت مقبول عالم کے پوتے جعفر بدر عالم کی کتاب روضتہ الشاہیہ میں ملتا ہے۔

(۳) جامع المنیٰ - یہ بھی اسماء الٰہی پر مشتمل عربی میں رسالہ ہے - یہ اور بھی نایاب ہے - اس کا بھی حوالہ روضۃ الشاہیہ میں ہے -

(۴) اذکار الاطہار - یہ فن تذکرہ پر علمی اور ادبی رسالہ ہے اس میں سادات بخاری کی تاریخ ہے - بہت ہی مفید فارسی میں رسالہ ہے - احمد آباد کے قاضی صاحب کے کتب خانہ میں اس کا ایک مخطوطہ اچھی حالت میں محفوظ ہے اور دو مخطوطے اور ہیں ایک شیخ احمد بن برہان بہ میاں مخدوم کے سجادہ نشین شیخ فاضل میاں صاحب کے کتب خانہ میں اور دوسرا نسخہ پیر محمد شاہ کتب خانہ میں محفوظ ہے -

(۵) قرآن شریف کا سلیس فارسی میں ترجمہ - یہ ترجمہ مغل شہنشاہ جہانگیر کے ایما پر تیار کیا تھا - بٹوہ میں روضہ قطب عالم میں ایک قلمی نسخہ قرآن شریف کے فارسی ترجمہ کا پایا گیا ہے - پروفیسر محمد ابراہیم ڈار اور سید اکبر علی ترمذی[1] کا یہ قیاس ہے کہ یہ وہی نسخہ ہے جو حضرت مقبول عالم نے لکھا تھا تاہم مرحوم ڈار صاحب کے کہنے کے مطابق جبتک تاریخی شواہد موجود نہ ہوں یقین کے ساتھ کچھ نہیں کہا جا سکتا۔[1]

(۶) چہل حکایات شاہیہ :- شاہ عالم کی کرامات سے متعلق حکایات پر مشتمل

---

(۱) اکبر علی ترمذی - جلالی احمد آبادی - نوائے ادب

(۱) محمد ابراہیم ڈار

ایک رسالہ ہے۔ ایک قلمی نسخہ باقر علی ترمذی کے پاس موجود تھا راقم الحروف کا دیکھا ہوا ہے۔ حکایات کی سرخیاں سنہری الفاظ سے لکھی ہوئی ہیں۔

(۷) جمعات شاہیہ :۔ شاہ عالم کے جمعہ کے خطبات اور دیگر خطبات پر مشتمل سات جلدوں میں ایک کتاب ہے۔ اس میں قطب عالم اور شاہ عالم کے حالات زندگی اور آپ کے وظائف و اوراد بھی ہیں اس کی چند جلدیں سجادہ نشین حضرت مخدوم سکندر (مانگرول)۔ حضرت امیر میاں صاحب کے پاس موجود ہیں۔ جلد نمبر ۴ صفحہ ۱۵۵ کے نسخے سید باقر علی کے کتب خانہ میں محفوظ ہیں اور ایک جلد ادارۂ ترقی اردو کے کتب خانہ کراچی میں موجود ہے جمعات الشاہیہ کا ایک قلمی نسخہ احمد آباد کے قاضی صاحب کے کتب خانہ میں موجود ہے۔[1]

(۸) لطائف شاہیہ :۔ یہ وہ کتاب ہے جو یہاں شائع کی جا رہی ہے۔ اس کے حسب ذیل نسخے موجود ہیں۔

(۱) راقم الحروف کے پاس (۲) ایک قلمی نسخہ مولانا غلام محی الدین (احمد آباد) کے پاس، (۳) دو قلمی نسخے قاضی نور الدین (بھروچ) کے پاس (۴) ایک نسخہ مولوی محمد حسن (مانگرول) کے پاس (۵) ایک نسخہ سید تاج محمد ترمذی (مانگرول) کے پاس (۶) ایک قلمی نسخہ سجادہ نشین آستان مخدومیہ حضرت سید امیر میاں کے پاس (۷) اور ایک قلمی نسخہ قاضی عبد اللہ میاں۔ پدر بزرگوار قاضی احمد میاں اختر جوناگڑھی (جوناگڑھ کے پاس تھا

---

[1] اکبر علی ترمذی جلالی

VI

قبل اس کے زیر مطالعہ لطائف شاہیہ کا نسخہ شائع کیا جائے یہ نامناسب نہ ہوگا اگر ایسی تاریخی شخصیتوں کے اجمالی حالات لکھے جائیں جن کا ذکر لطائف شاہیہ میں آیا ہے۔

مقصود عالم:- آپ حضرت مقبول عالم کے صاحبزادے ہیں اور آپکی ولادت احمد آباد میں سنہ ۱۰۰۳ھ / ۱۵۹۵ء میں ہوئی آپ نے ظاہری علوم مولانا حسن شعبانی اور شیخ عبدالعزیز سے سیکھے اور تصوف میں اپنے والد حضرت مقبول عالم سے بیعت ہوئے اور اُن سے خرقہ خلافت پایا۔ آپ حافظ قرآن تھے۔ مغل شہنشاہ شاہ جہاں کی طرف سے صدر الصدور کے اعلیٰ منصب پر فائز تھے جس سے آپ کی علمیّت اور زہد و تقویٰ کا اندازہ ہو سکتا ہے۔ آپ ایک جیّد عالم ہونے کے ساتھ ساتھ ایک صوفی بزرگ بھی تھے۔ شاہ جہاں کے ۶ ہزاری منصب دار ہوتے ہوئے آپ صوفیانہ زندگی بسر کرتے تھے اور کبھی دنیوی جاہ و حشمت کی طرف مائل نہ ہوئے۔ شاہ جہاں آپ کا بڑا معتقد تھا اور عوام الناس میں بھی آپ کی خاص مقبولیت تھی آپ ایک اچھے فارسی شاعر بھی تھے اور عارفانہ کلام کہا کرتے تھے آپ کا تخلص - رضا - تھا۔ اور آپ صاحب دیوان بھی ہیں مگر افسوس ہم تک آپ کا دیوان محفوظ نہ رہ سکا۔ نمونے کے طور پر آپ کی ایک رباعی پیش کرتے ہیں۔

از کسب و ہنر مراد مال است اے دل

وز علم و عمل غرض کمال است اے دل
مطلوب ز عشق تو وصال است اے دل
مقصود تو ہستیم جلال است اے دل

چونکہ دربار شاہ جہاں سے بحیثیت صدر الصدور وابستہ تھے اس لئے آپ شاہ جہاں کے ساتھ لاہور تشریف لے گئے آپ کا وصال ۱۶۴۹ء مطابق ۱۰۵۹ھ میں ہوا۔ آپ کی نعش مبارک کو احمد آباد لایا گیا اور رسول آباد میں اپنے آبائی قبرستان میں حضرت مقبول عالم کے مقبرے میں مدفون ہوئے۔

جعفر بدر عالم:۔ آپ حضرت مقصود عالم کے صاحبزادے اور خلیفہ تھے۔ آپ کی ولادت با سعادت ۱۲ شعبان ۱۰۲۳ھ مطابق ۱۷ ستمبر ۱۶۱۴ء کو احمد آباد میں ہوئی۔ آپ نے تعلیم اپنے والد بزرگوار حضرت مقصود عالم سے حاصل کی۔ انھیں سے بیعت کی اور انھیں سے خلافت پائی۔ آپ کی بہت سی تصانیف ہیں۔ مگر افسوس ہم تک پہنچتے پہنچتے صرف ۳ یا ۴ ہی محفوظ رہ گئی ہیں۔ آپ کو قرآن شریف، علم التفسیر اور علم الحدیث سے بہت شغف تھا۔ بیان کیا جاتا ہے کہ آپ ۴۵ گھنٹے میں قرآن شریف کا ایک نسخہ نقل کر سکتے تھے۔ آپ کی تحریر کا نمونہ پیر محمد شاہ کے کتب خانے (احمد آباد) میں موجود ہے۔ آپ جیّد عالم بھی تھے جس کا ثبوت اس واقعہ سے

ہوسکتا ہے کہ آپ کے والد حضرت مقصود عالم کے وصال کے بعد مغل شہنشاہ شاہ جہاں نے آپ کو صدر الصدور کا اعلیٰ منصب دینا چاہا ۔ مگر آپ نے خدمت خلق اور گوشہ نشینی کو ترجیح دی اور مغل شہنشاہ کی پیش کش قبول نہ کی ۔ اور خانقاہ شاہیہ میں درس و تدریس اور تزکیہ نفس کی تعلیم دینا شروع کردی ۔

تصانیف :۔ جیسا کہ سطور بالا میں بتایا گیا ہے کہ آپ کی تصانیف بکثرت تھیں ۔ لیکن ان میں مندرجہ ذیل باقی رہ گئی ہیں ۔

(۱) روضتہ الشاہیہ :۔ یہ آپ کی مشہور تصنیف ہے ۔ یہ کتاب ۲۴ ابواب پر مشتمل ہے ۔ پہلے ۲۰ ابواب میں آپ کے آباء و اجداد کا تذکرہ ہے اور بعد کے ۴ ابواب میں قرآن شریف کی تفسیر اور احادیث نبوی پر عالمانہ اور محققانہ بحث ہے اسی کتاب میں آپ کے دادا مقبول عالم کی دو کتابوں کے حوالے ملتے ہیں ۔ (۱) احصاء الاسماء (۲) جامع المنیٰ ۔

(۲) **اعمال شاہیہ** :۔ یہ کتاب ۱۰۶۵ھ میں لکھی گئی اور اس کا ایک نسخہ قاضی نورالدین بھروچی صاحب کے پاس ہے ۔

(۳) **صد حکایات شاہیہ** :۔ یہ کتاب ۱۰۵۸ھ میں لکھی گئی ۔ جس میں حضرت قطب عالمؒ اور حضرت شاہ عالمؒ کی حکایات اور کرامتوں کا تذکرہ ہے ۔ نیز جن بزرگوں سے حضرت قطب عالم

اور شاہ عالم کی ملاقاتیں ہوئیں انکا ذکر بھی ہے۔ اس کتاب کا اصل
نسخہ جناب انعام دار صاحب (انکلیشور۔ گجرات) کے پاس ہے۔

۴۔ **اقوال واشغال** :۔ اس کتاب میں حضرت قطب عالم
اور حضرت شاہ عالم کے اقوال اور اوراد کا ذکر ہے۔

۵۔ **اسرار فاتحہ** :۔ یہ سورۃ فاتحہ کی فارسی میں تفسیر
ہے۔ اس کا اصل قلمی نسخہ پیر محمد شاہ کے کتب خانہ احمد آباد
میں موجود ہے۔ اس کا نمبر فارسی مخطوطہ ۳/۵۶ ہے۔

آپ ایک بلند پایہ فارسی شاعر بھی تھے اور "صفا"
تخلص کرتے تھے۔

تاریخ سلاطین گجرات از سید محمد بخاری کا اصل مخطوطہ
بوڈلین لائبریری آکسفورڈ (England) Oxford میں محفوظ ہے
اس کے حاشیہ پر یہ تحریر ہے " مالک مملوک اہل البیت
النبوی جعفر بن جلال شاہی الرضوی ۱۰۲۳ھ" اس کتاب کا فوٹو
سٹیٹ نسخہ راقم الحروف کے پاس ہے اور مائکروفلم Microfilm
نسخہ ڈاکٹر رگھوبیر سینکھ (سیتاماؤ۔ بھارت) کے پاس ہے۔ اکبر
علی ترمذی صاحب نے اس کتاب کو مرتب کیا ہے۔

سیّد محبوب عالم :۔ محبوب عالم ۲ ربیع الاوّل ۱۰۴۷ھ مطابق
۲۵ جولائی ۱۶۳۷ء کو احمد آباد میں پیدا ہوئے اپنے والد حضرت
جعفر بدر عالم سے علم حاصل کیا۔ بیعت ہوئے اور خلافت پائی

اپنے زمانے کے مشہور صوفی عالم بزرگ تھے۔

جب آپ کی عمر نو سال کی تھی مغل شہنشاہ شاہجہاں سے احمد آباد میں ملاقات ہوئی۔ شاہ جہاں نے اپنے ہاتھ سے لکھا ہوا سونے سے مزین ایک فرمان آپ کو دیا۔ آپ بہت خوش ہوئے اس پر شاہ جہاں نے کہا کہ چونکہ یہ فرمان سونے سے مزین ہے اس لئے آپ مسرور ہوئے۔ آپ نے فوراً جواب دیا۔ "نہیں اللہ تبارک تعالیٰ کا لاکھ لاکھ شکر ہے کہ ہماری جیب سونے سے بھری ہے۔ مگر آپ کے دستخط میری خوشی کا باعث ہے۔"

جس طرح آپکے آباؤ اجداد علم اور زہد و تقویٰ میں مشہور تھے آپ بھی اپنے اسلاف کے نقش قدم پر چلے اور علم اور زہد و تقویٰ میں شہرت حاصل کی۔

آپ پر آپ کے وصال کا وقت منکشف ہو گیا تھا اور آپنے شیخ نورالدین کو جو آپ کے مرید تھے وقت وصال بتا دیا تھا۔ شیخ نورالدین نے اس کا ذکر کیا ہے۔ آپ کی تاریخ وصال ۱۷ جمادی الثانی ۱۱۱۱ھ ہے "محمد بود ثانی شاہ عالم" سے وصال کی تاریخ نکلتی ہے[۱]۔

تصانیف :-

(۱) تفسیر قرآن۔ قرآن شریف کی عربی میں تفسیر لکھی ہے

ص۱ امراۃ محمودی صفحہ ۲۹

یہ تفسیر مشہور و معروف "تفسیر جلالیہ" کے نمونہ پر لکھی گئی ہے اور اتنی مختصر ہے کہ کہا جاتا ہے کہ جتنے حروف قرآن شریف میں ہیں اتنے ہی حروف تفسیر کے بھی ہیں۔ اسکی اصل و نقل دست یاب نہیں

(۲) تفسیر شاہیہ :۔ یہ قرآن شریف کی فارسی میں تفسیر ہے بحوالہ اہل بیت یہ تفسیر لکھی گئی ہے اور مرآۃ احمدی کے مصنف نے اسکی بہت تعریف کی ہے[۱]

(۳) زینت النکات فی الشرح المشکواۃ :۔ مشکواۃ المصابیح کی شرح لکھی ہے اور "مصابیح" میں جو مشکل الفاظ ہے۔ اس کی سلیس عربی میں تشریح کی ہے۔ نیز پیچیدہ مسائل کو عام فہم زبان میں سمجھایا گیا ہے۔ اس کی اصل بھی دست یاب نہیں۔

(۴) شرح مشارق الانوار " امام صغانی کی مشہور و معروف کتاب مشارق الانوار کا فارسی ترجمہ اور شرح ہے۔ اس کے حواشی عربی میں لکھے ہیں۔ قاضی نور الدین بھروچی کے پاس اس نسخے کے ۱-۲-۳ حصے موجود ہیں[۱]۔

۵۔ تحیت الاسلام بخیر الاکمام والاتمام :۔ حضورؐ کی تاریخ ولادت باسعادت اور وصال پر یہ کتاب عربی میں ہے اس کتاب کو پانچ حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے (۱) فی بیان تاریخ حملہ، (۲) فی البیان تاریخ مولودہ، وبعض احوالہ (۳) فی البیان مکان ولادتہ،

مراۃ احمدی

نوادر ادب۔ جلالی" از اکبر علی ترمذی۔

(۴) فی البیان وفاتہ (۵) فی البیان عمل مولود

دوسرے حصّے میں حضور کی جائے پیدائش، اور آپ کی اولاد اور ازواج مطہرات کے مختصر حالات ہیں۔

اس کتاب کا اصل قلمی نسخہ قاضی نورالدین بھروچی کے پاس موجود ہے۔

(۶) حکایات الربع عن الشاھیہ :- چہل حکایات شاھیہ جو فارسی میں ہے اس کا یہ عربی ترجمہ ہے۔ حضرت محبوب عالم کے پردادا حضرت مقبول عالم نے یہ کتاب فارسی میں لکھی تھی۔ اور حضرت محبوب عالم نے اپنے والد حضرت بدر عالم کی فرمائش پر اس کا عربی میں ترجمہ کیا تھا۔ حضرت شاہ عالم کے حالات چالیس حکایات میں درج ہیں۔ اس کی تاریخی اہمیت بہت ہے کیونکہ اس زمانے کے معاشرتی ماحول کی عکاسی یہ کتاب کرتی ہے۔ نیز بہت سے علماء اور مشائخ کا ذکر ہے جو دوسرے کسی واسطہ سے ہم کو نہیں مل سکتے۔ علاوہ ازیں اس کتاب میں بہت سے عربی محاورات استعمال کئے گئے ہیں۔ جن کی ادبی اہمیت بہت زیادہ ہے۔

اس کتاب کا نسخہ جامع مسجد بمبئی میں محفوظ ہے اور عربی مخطوطات میں اس کا نمبر ۵۱۳ ہے۔

حمید عالم :- آپ کا نام سید جلال الدین تھا اور آپ سیّد

عالم کے صاحب زادے اور جانشین تھے۔ ولادت آپ کی احمد آباد میں ۱۰۶۲ھ میں ہوئی اور وصال ۱۱۱۴ھ میں ہوا۔ آپ ایک جید عالم صوفی بزرگ قانع اور خلوت پسند تھے۔ کئی کتابوں کے مصنف ہیں لیکن ان میں سے صرف تین کتابوں کا پتہ چل سکا ہے۔

(۱) مرآۃ الرویہ:۔ اس کتاب میں خوابوں کے بارے میں فلسفیانہ اور نفسیاتی بحث ہے۔ رویاء صادقہ اور دیگر خوابوں کا فرق بتایا گیا ہے۔ خوابوں کی وجوہ اور ان کی تقسیم اور تعبیر پر عالمانہ بحث کی گئی ہے۔ روح کے بارے میں محققانہ انداز میں گفتگو ہے۔ امام ابن قیم کی کتاب الروح اور امام جلال الدین حضرمی کی شرح الصدور کے ہم پلہ کتاب ہے۔ افسوس ہے کہ یہ کتاب دستیاب نہیں ہے۔

مذکورہ بالا حالات جن بزرگوں کے لکھے گئے ہیں۔ ان کے اسماء گرامی رسالہ "زینت المفاتیح، جو لطائف شاہیہ کا ۲۹ لطیفہ ہے میں لکھے ہوئے ہیں۔ مؤلف لطائف شاہیہ حضرت مقبول عالم اور ان کے اوپر کے اسماء تو خود مؤلف نے لکھے ہیں اور بعد کے اسماء کیوں اور کیسے آئے اس کا ذکر آگے آئے گا۔ مذکورہ بالا حضرات خاندان سادات بخاری احمد آباد سے تعلق رکھتے تھے اور جیسا کہ قارئین نے اندازہ لگایا ہو گا سب

ہی حضرت شاہ عالم اور حضرت مقبول عالم کی نسل سے تھے ۔ بیٹا
باپ کا مرید اور خلیفہ ہوتا چلا جاتا تھا اور اسی طرح سے دونوں
لحاظ سے ۔ نسبی اور روحانی ۔ جانشین ہوتے تھے ۔

احمد آباد کے کونے رسول آباد کی خانقاہ کے گوشے
میں بیٹھے بیٹھے ان بزرگوں نے خدمت دین اور اشاعت اسلام میں
اپنی زندگیاں صرف کردیں اور سب ہی حضرات صاحب تصنیف
تھے ۔ اور علم وادب میں اعلیٰ مقام رکھتے تھے ۔ مشکل موضوعات
پر عربی میں کتاب لکھنا بذات خود ان کے علم وفضل کی ایک
بین دلیل ہے ۔ ان میں سے کئی حضرات تو فارسی کے بلند پایہ
شاعر بھی تھے اور صاحب دیوان بھی اور ساتھ ہی ساتھ تشنگان
معرفت الٰہی کی رہبری کرنا اور عوام الناس میں دینی حمیت
اور اسلامی فرض شناسی کی روح پھونکنا ۔ ان ہی بزرگوں
کا اہم وصف تھا ۔

VII

زیر بحث الرسالہ زینت المفاتیح میں بخاری سادات
احمد آباد کے ناموں کے خاتمہ پر سادات ترمذ مانگرول
کے بزرگوں کے نام شروع ہوتے ہیں ۔ اس خاندان میں رسالہ
زینت المفاتیح سال میں دو مرتبہ پڑھا جاتا ہے ۔ عید الاضحیٰ

کے روز جو مخدوم جہانیاں جہانگشت کا یوم وفات ہے اور ۱۷ ار جمادی الثانی کے روز جو حضرت شاہ عالم کا یوم وفات ہے - یہ رسالہ دعا مع التوسل اور شجرہ کے طور پر پڑھا جاتا ہے - اور کب سے پڑھا جاتا ہے - اس پر اور خاندان سادات بخاری احمد آباد اور خاندان سادات ترمذ مانگرول کے باہمی تعلقات پر ہم آئندہ روشنی ڈالیں گے - سردست ترمذی خاندان کے دو بزرگوں سیّد سکندر بن مسعودؒ اور سید رکن الدین بن سید آدم کے حالات لکھتے ہیں -

سیّد سکندر بن مسعودؒ :-

سید سکندر بن مسعودؒ کی ولادت باسعادت ۷۰۵ھ بمقام ترمذ (روسی ترکستان) ہوئی [1] - آپ کا سلسلہ نسب حضرت موسیٰ کاظم تک پہنچتا ہے [2] تذکرۃ الانساب میں آپ کا سلسلہ نسب اس طرح لکھا ہے - مخدوم سیّد سکندر بن مسعود بن عمر بن قاسم بن شاہ جی بن علی بن موسیٰ بن علی بن حسن بن علی بن ابراہیم بن موسیٰ کاظمؒ [3] خوسالی میں حضرت مخدوم جہانیاں جہانگشت کی خدمت میں اچھ (ملتان) حاضر ہوئے اور غالباً اسی باعث مخدوم جہانیاں جہانگشت

(۱) ریاض الاولیاء - حالات سید سکندر بن مسعود

(۲) تذکرۃ الانساب

(۳) "زبان" مئی جون ۱۹۲۷ - ابو ظفر ندوی

نے ان کو اپنی والدہ بی بی مریم کی خدمت سپرد کی۔ کچھ عرصہ بعد حضرت مخدوم کو معلوم ہوا کہ آپ صحیح النسب سادات سے ہیں تو آپ نے خدمت لینی موقوف کردی اور جب سوال کیا گیا کہ تم نے اپنی سیاست کو کیوں مخفی رکھا تو سید سکندر نے جواب دیا کہ تعلیم اور رشد و ہدایت حاصل کرنے میں سیادت کا اظہار کچھ موزوں نہ معلوم ہوا۔ اس سے حضرت مخدوم نے ان کی ذہانت و فطانت کو محسوس کرکے ان کی طرف توجہ زیادہ مبذول کردی اور کچھ عرصہ کے بعد آپ نے اپنی خلافت سے مفتخر فرمایا[1] اور چند تبرکات بزرگوں کے جو آپ کے پاس موجود تھے سید سکندر کو عطا کئے کلاہِ فقر آپ کے سر پر رکھی اور پالکی میں ساتھ بٹھا کر اُچھ کے محلوں میں پھرایا تاکہ سب کو معلوم ہو جائے کہ آپ خلیفہ اور جانشین ہیں اور زبان مبارک سے فرمایا "اساں بھی جہانیاں تساں بھی جہانیان" اسی روز سے سید سکندر جہانیاں مشہور ہوئے[2]۔

"مصنف "کتاب الریاض الاولیاءؒ" نے ذیل میں ان تبرکات کی فہرست دی ہے جو حضرت مخدوم نے سید سکندر کو عطا کئے۔

(۱) آنحضرتؐ کا پیرھن مبارک اور نشان

---

(۱) رسالہ زبان مئی جون ۱۹۲۷ - ابو ظفر ندوی
(۲) کتاب برکات الاولیاءؒ - سید امام الدین گلشن آبادی - حالات سید سکندر بن مسعود صفحہ ۳۲

(۲) سید احمد کبیر کے تین نشان

(۳) غوث الاعظم قدس سرہٗ کا ایک نشان

(۴) حضرت علی کرم اللہ وجہہ کا ایک نشان

(۵) ابو اسحٰق گازرونی کی انگشتری اور ایک نشان

(۶) حضرت لال شاہ قلندر کا ایک نشان

(۷) شیخ بہاؤالدین زکریا ملتانی کا مصلّٰی

(۸) شیخ نصیر الدین چراغ دہلی کا پائجامہ

(۹) مخدوم جہانیاں جہانگشت کا قرآن (خرقہ) تاج اور پالکی خاص۔

(۱۰) شیخ رکن الدین ابوالفتح کے موزے

(۱۱) شاہ راجو قتال کی لنگی۔

(۱۲) بی بی مریم کی تسبیح اور رومال

(۱۳) چہل تن ابدال کا ایک کاسہ "[۱]

سید سکندر کا خلفائے حضرت مخدوم جہانیاں جہانگشت میں خاص مقام تھا اور آپ حلقہ "بدر السبعہ" میں شامل تھے۔ بدر السبعہ[۲] یعنی سات چودھویں کے چاند۔ کا لقب آپ نے

---

(۱) سفینۃ السادات (فارسی قلمی مخطوطہ)۔ محمد قاسم عبد الرحمان بڈھا (قاضی نور الدین بھروچی مملوکہ)

(۲) بزم صوفیا ۶۔ صباح الدین ندوی

مخصوص سات خلفاء کو دے رکھا تھا جن میں حضرت مخدوم جہانگیر سمنانی اور حضرت مشہدی جیسے بلند مرتبہ بزرگ تھے۔

فیروز شاہ تغلق[1] نے ۷۶۳ھ / ۱۳۶۲ء میں ٹھٹھہ کا محاصرہ کیا تھا اور اس محاصرہ سے فیروز شاہ کی فوج بھی تنگ آگئی تھی اور ٹھٹھہ کے لوگ بھی بجید خوف زدہ ہو گئے تھے اس لئے ٹھٹھہ والوں نے حضرت مخدوم کے پاس پیغام بھیجا کہ بشرط امان ہم لوگ اطاعت کے لئے راضی ہیں۔ آپ واسطہ بن کر ہماری صلح کرا دیجئے۔ چنانچہ آپ نے صلح کرادی۔ حضرت مخدوم کی یہ پہلی ملاقات سلطان سے ہے۔ یہ واقعہ ۷۶۴ھ / ۱۳۶۳ء[2] کا ہے۔ اس وقت سید سکندر کی عمر ۱۳۔۱۴ سال کی تھی اور موقع واردات پر آپ حاضر تھے۔ آپ کی عمر تقریباً ۱۹۔۲۰ سال کی تھی کہ خرقۂ خلافت ملا حضرت مخدوم نے سیّد سکندر کو مانگرول میں ہدایت خلق کے لئے قیام کی ہدایت کی اور فیروز شاہ تغلق سے جو آپ کا عقیدتمند اور مرید تھا آپ کے لئے سفارش کی چنانچہ آپ اچھ سے دہلی تشریف لے گئے۔ اور فیروز شاہ سے ملاقات کی جس نے آپکی بڑی عزت کی اور ہر طرح مدارات سے پیش آیا۔[3]

---

(۱) تاریخ فیروز شاہی۔ عفیف سراج

(۲) مخدوم جہانیاں جہانگشت۔ از۔ پروفیسر محمد ایوب قادری

(۳) تاریخ الاولیاء صفحہ ۳۴۰

انہیں دنوں یعنی ۷۷۰ھ ۱۳۶۹ء میں ایک فوج مانگرول کو راجہ کنور پال کی تنبیہ کے لئے جاری تھی۔ آپ بھی لبطور مجاہد کے شریک ہوئے۔ آپ کے ساتھ آپ کے مریدوں اور عقیدتمندوں کا بھی ایک مجمع تھا۔ وہ بھی اس میں شامل ہوگیا۔ اس فوج کا افسر عزالدین بن آرام شاہ[1] تھا۔ اس جنگ کا کسی تاریخ میں ذکر نہیں ہے۔ مگر اس کی تصدیق اس کتبہ سے ہوتی ہے جو فتح مانگرول کی یادگار میں جامع مسجد کے ایک بازو پر لگایا گیا تھا یہ کتبہ فی الحال بوہرہ واڑ کی مسجد میں لگا ہوا ہے۔

عزالدین ایک غیر معروف افسر تھا البتہ ضیاء برنی نے جہاں فیروز شاہ کی امراء کی فہرست لکھی ہے وہاں ایک امیر کا نام ملک عزالدین بھی ہے اور بدایونی نے منتخب التواریخ جلد اول صفحہ ۲۳۶ مطبوعہ کلکتہ میں اس کا ذکر کیا ہے۔ نیز دیوان رنچھوڑجی اپنی تاریخ سورٹھ[2] (فارسی۔ قلمی) میں لکھتے ہیں[3] کہ فوج کے دو حصے ہوئے ایک کا افسر عزالدین تھا جو مانگرول میں جاکر جنگ آزما ہوا اور دوسرے کا شمس خان تھا۔ جس نے جوناگڑھ کا محاصرہ کیا۔

سید سکندر بن مسعود مانگرول میں مقیم ہوگئے اور آپکی خانقاہ کے

---

(۱) ہسٹری آف گجرات۔ کمی شریٹ

(۲) رسالہ زبان مئی جون ۱۹۲۷۔ ابوظفر ندوی

(۳) تاریخ سورٹھ۔ دیوان رنچھوڑجی (فارسی۔ قلمی)

لئے ایک گاؤں سلطان کے طرف سے عطا ہوا جس کا نام پہلے
دیول پور تھا۔ بعد میں بدل کر مخدوم پور کر دیا گیا۔ آپ ۷۵ برس
زندہ رہ کر ۸۲۵ھ / ۱۴۲۲ء میں راہی ملک بقا ہوئے اور مانگرول میں
ہی دریا کے کنارے مدفون ہوئے۔

زیر مطالعہ لطائف شاہیہ کے نسخہ میں لطیفہ ۲۹ زینت
المفاتیح میں جہاں سید سکندر بن مسعود کا اسم گرامی آیا ہے وہاں
حاشیہ پر پروفیسر محمد علی نے یوں نوٹ لکھی ہے۔

(من الجامع الطرق البرھانیہ)

السادس:۔ سید برھان الدین لبس خرقہ السیادت والاجازۃ من
سید السادات سند اہل العلم وعبادات سید سکندر بن مسعود ترمذی
قدس اللہ سرہٗ کان من سادات ترمذ ثم ارتحل الی الحضرت
القطبیہ والجلالیہ ودخل فی زمرۃ مریدین ثم ارسل الی مانگرول
بندر باشارۃ النبی صلی اللہ علیہ وسلم واعطاہٗ کثیراً من آیات
املک الرایات موجودہ عندہ اولادہٗ اصلح اللہ تعالیٰ احوالھم

ترجمہ السادس۔ سید برہان الدین نے خرقہ سیادت واجازت
سید السادات، سند اہل علم وعبادات سید سکندر بن مسعود ترمذی
سے حاصل کیا جو سادات ترمذ سے تھے اور بعد میں حضرت
قطبیہ وجلالیہ (حضرت مخدوم جہانیاں جہانگشت) کی طرف
آئے اور مریدوں کے حلقہ میں داخل ہو گئے بعدہٗ حضور اکرمؐ

کے اشارہ سے مانگرول بندر سورٹھ گئے اور آپ کو بہت سی روشن نشانیاں عطا ہوئیں جو آپ کی اولاد میں موجود ہیں (اولاد کے پاس) اللہ تعالیٰ ان کے احوال کو اچھا رکھے۔

سطور بالا میں حضرت شاہ عالم کی ایک تصنیف "الجامع الطرق البرہانیہ" کا حوالہ ہے۔ اس کتاب کا تفصیلی ذکر ہم شاہ عالمؒ کے عنوان کے تحت لکھ چکے ہیں۔

سید رکن الدین بن سید آدم

سید رکن الدین سید سکندر کے پوتے اور اپنے والد سید آدم بن سید سکندر کے بعد مسند خلافت پر فائز ہوئے۔ آپ سید شاہ عالم کے مرید خاص تھے اور آپنے ہی رسالہ "زینت المفاتیح" شجرہ کے طور پڑھنے کا طریقہ مانگرول میں شروع کیا۔

آپ جید عالم اور صوفی بزرگ تھے اور اپنی زندگی مخلوق کی رشد و ہدایت میں صرف کر دی۔ آپ کی عرضداشت جو آپ نے شاہ عالمؒ کو لکھی تھی اس سے دو باتیں واضح طور پر ابھر کر سامنے آتی ہیں۔

۱- آپ کو شاہ عالمؒ سے والہانہ محبت اور عقیدت تھی اور بیعت ہونے کی بیقراری اور تمنا تھی۔ (۲) آپ کی طرز تحریر اور فارسی، عربی محاورات کا استعمال اس بات کی دلیل ہے کہ آپ ادب سے بہت ذوق رکھتے تھے اور فارسی اور عربی پر قدرت حاصل تھی اور شاہ عالم کے جوابی خط سے دو امر واضح طور پر نمایاں ہیں (۱) سید رکن الدین اور انکی اولاد

اور خاندان سے آپ کی محبّت اور خلوص (۳)، اور پیشنگوئیاں جو حرفاً حرفاً پوری ہوئیں۔ دونوں طرف کے خطوط کافی طویل ہیں۔ ہم ذیل میں دونوں کا خلاصہ لکھتے ہیں۔ "ایک اہم تاریخی انکشاف" کے عنوان سے سید ابوظفر ندوی نے یہ دونوں خطوط رسالہ "زبان" شمارہ مئی جون ۱۹۲۷ میں شائع کئے ہیں۔ اور راقم الحروف کے پاس دونوں کی فوٹو اسٹیٹ (Photo stat) نسخے موجود ہیں۔

خلاصہ عرضداشت سیّد رکن الدین

ترجمہ:۔ یہ بندہ عرصہ دراز سے اس بات کی آرزو دل میں رکھتا تھا کہ آپ جیسا روشن ضمیر مرشد کی خدمت بابرکت میں حاضر ہو کر شرف قدمبوسی حاصل کرے لیکن بدقسمتی سے اسی وقت تک علائق دنیوی اور بداعمالی میں اس طرح منہمک رہا کہ حضور انور کی زیارت سے مشرف نہ ہو سکا۔ دل کو بے حد قلق ہے اگر حضور اقدس اس طرف توجہ فرمائیں اور اجازت دیں تو حاضر ہو کر سربلندی اور افتخار حاصل کروں۔ دوسری گذارش یہ ہے کہ میرے دادا اسکندر بن مسعود رح کو آپ کے پردادا حضرت مخدوم جہانیاں جہانگشت نے سورٹھ میں قیام کرنے کا حکم دیا تھا چنانچہ حسب الحکم خدمت مخلوق میں اپنی عمر بسر کی۔ ان کے بعد میرے والد بھی قدم بہ قدم چل کر

اس خدمت کو ادا کرتے رہے ۔ والد صاحب کے انتقال کے بعد
یہ خاکسار ان کی پیروی کے لئے تیار ہوا ۔ لیکن مشکلات اس قدر
پیش آئیں کہ آگے قدم بڑھانا مشکل ہو گیا ۔ خصوصاً قلعہ گرنار
کا راجہ اور اس کے حکام اس قدر مسلمانوں کے خلاف ہیں کہ
اب اس جگہ قیام کرنا دشوار ہو گیا ہے اس لئے یہ وقت مدد کا
ہے آپ دعا فرمائیں کہ خدا ہماری
مشکلات کو رفع کرے ۔ مدد کر کے ہم کو اس ظلم سے نجات دیں

خلاصہ جواب حضرت شاہ عالم

ترجمہ :۔ آنجناب کا خط ملا آپ کی صحت کا حال معلوم
کر کے خوشی ہوئی ۔ آپ نے ہم سے ملاقات کا جو ارادہ کیا ہے یہ
مبارک ارادہ ہے ۔ آپ ضرور آئیے آپ کے آنے سے معاملات
جلد طے ہو جائیں گے حل مشکلات کے لئے بہتر یہ ہے کہ آپ خدا
کی طرف اپنی مشغولیت کو بڑھا دیجئے اور ہر وقت امید اور بیم
کی حالت میں رہیے جو شیوۂ فقراء و صالحین ہے اور ہر نماز
کے بعد **اللّٰھم نستعین بک علیٰ طاعتبک** دس دفعہ پڑھا
کیجئے ۔ مجھے یہ بھی معلوم ہوا ہے کہ آپ کے خاندان کے لئے کوئی
وظیفہ مقرر نہیں ہوا ہے میں آج ہی دیوان سلطانی سے عرض کروں
گا ۔ ملاقات تک اس کا ظہور ہو جائے گا ۔ حاکم قلعہ گرنار کی جو

شکایت آپ نے لکھی ہے اس کے متعلق آپ بے فکر رہیں۔ حاکم مذکور عنقریب اپنی سزا کو پہنچے گا اس وقت دوست خوش اور دشمن ذلیل ہوں گے۔ غیب کو حاضر سمجھکر اس بات کا یقین رکھیں آپ اپنے بچوں اور حاضرین مجلس کو میری دعائیں مخصوص جانیں اور خط وکتابت بھی نصف ملاقات ہے۔ وصلی اللہ علیٰ خیر خلقہ محمد وآلہ اجمعین۔

اس خط میں دو پیشنگوئیاں ہیں اور تاریخ شاہد ہے کہ دونوں حرف بہ حرف صحیح نکلیں۔ اوّل " حاکم مذکورہ عنقریب اپنی سزا کو پہنچے گا ....." ۸۷۴ھ / ۱۴۶۹ء میں سلطان محمود بیگڑہ نے راؤ مانڈلیک حاکم گرنار پر فتح حاصل کی اور راؤ مانڈلیک مشرف بہ اسلام ہوکر زمرۂ مریدین شاہ عالم میں شامل ہوگیا اور اس کی قبر آج بھی کالوپور دروازہ احمد آباد کے پاس موجود ہے[1]۔ اس تاریخی واقعہ سے پتہ چلتا ہے خط ۸۷۴ھ / ۱۴۶۹ء سے پہلے لکھا گیا ہوگا اور لفظ "عنقریب" سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ ۸۷۴ھ / ۱۴۶۹ء سے بہت پہلے نہیں بلکہ ۸۷۳ھ / ۱۴۶۸ء کے اندر اندر کا یہ خط ہوگا۔

دوسری پیشنگوئی جو اس خط میں ہے "..... ملاقات تک اس کا ظہور ہو جائے گا" اس میں یہ بات یقینی طور پر کہی گئی ہے کہ ۸۷۰ھ سے پہلے ملاقات ہو جائے گی اور مزید اطمینان دلانے کے لئے یہ الفاظ لکھے

---

(۱) مراۃ احمدی (بحوالہ مراۃ سکندری) صفحہ ۴۷

"غیب کو حاضر سمجھکر اس بات کا یقین رکھیں" جیسے کہ اوپر لکھا گیا ہے کہ حضرت شاہ عالم نے لطائف شاھیہ میں جو "رسالہ زینت المفاتیح" ہے اس کو پڑھنے کی اجازت اپنے خاص مریدوں کو ۸۶۳ھ / ۱۴۵۸ء میں دی اور سید رکن الدین کی ملاقات شاہ عالم سے ۸۷۳ھ / ۱۴۶۹ء میں ہوئی تو یقینی آپ کو اس کی اجازت دی ہوگی اور اس طرح سے ترمذی خاندان میں یہ "شجرہ" جو دعا مع التوسل ہے پڑھنے کا سلسلہ شروع ہوا جو رکن الدین نے کیا۔ آگے تفصیل آئے گی۔

یہاں مولانا رومؒ کا یہ شعر لکھنا نامناسب نہ ہوگا۔

گفتۂ او گفتہ اللہ بود
گرچہ از حلقومِ عبداللہ بود

VIII

لطائف شاہیہ کی اہمیت :-

(۱) یہ کتاب بالخصوص "اوراد" کی ہے اور ڈاکٹر باقر علی ترمذی نے اپنے Thesis(۱) میں اسی ضمن میں اسی کتاب پر بحث کی ہے۔ ایک طالب سلوک کی رہنمائی کے لئے مفید ہے اور تصوف کے اسرار و رموز سلیس اور عام فہم زبان میں سمجھائے ہیں۔ ہر موقع اور ہر وقت کے الگ الگ ورد و وظائف ہیں اور اپنے مرید کے

---

(۱) ـ Conclusion ـ Dr. Tirmidhi B.M

روزمرہ کے عمل کا ضابطہ ہے۔ نیز لطیفہ نمبر لطیفہ در ذکر کشف" میں کشف کے لئے وظیفہ لکھا ہے۔ اپنے مرید صاحب کشف و کرامات بننے کی دھن میں اپنا وقت ضائع نہ کرے۔ اس لئے آسان طریقہ بتا دیا جس سے ان کو خدا سے مشغولیت کا زیادہ موقعہ ملے اور ساتھ کشف بھی حاصل ہو جائے کیونکہ شاہ عالمؒ اپنے مریدوں کو کشف اور کرامات کے پیچھے لگے رہنے سے سختی سے ممانعت کرتے تھے۔

(۲) اخلاقی اہمیت :۔ اس کتاب میں جگہ جگہ پند و نصائح لکھ دیئے گئے ہیں۔ مثلاً وقت ضائع نہ کرنا۔ تزکیہ نفس و تصفیہ قلب کے بارے میں ہدایت وغیرہ۔[۱]

(۳) تاریخی اہمیت :۔ شاہ عالم صاحب کے حالات زندگی وغیرہ کا تذکرہ ہے جو اور تاریخی کتابوں میں نہیں ملتا مثلاً آپ کو منجھلے شاہ کیوں کہتے ہیں۔ اس کی وجہ تسمیہ وغیرہ پر بحث ہے نیز سلسلہ نسب درج ہے اور شجرہ سلسلہ روحانی کا تذکرہ بھی ہے۔ شاہ عالم کے ہم عصر بزرگوں کا اور خاص مریدوں کا ذکر بھی اس میں ملتا ہے۔ مثلاً آپ کے مرید خاص میاں مخدوم اور آپ کے خلیفہ اور بھائی شاہ محمد زاہد (م ۸۹۲) کے حالات نیز حضرت مقبول عالم کے ہم عصر علماء جیسے ملک حسن زین الدین اور شیخ قطب الدین شاہی کا ذکر اور حالات اس کتاب میں مل جاتے ہیں۔[۲]

---

(۱) جلالی احمد آبادی۔ نوادر وقت۔ از اکبر علی ترمذی۔
(۲) مراۃ احمدی

(۴) شاہ عالم کے تصنیف کردہ تین رسالے (۱) زینت المفاتیح۔
(۲) مفتاح الخزائن اور (۳) مناجات العاشقین اس کتاب میں محفوظ
ہو گئے ہیں۔ سرورق یوں لکھا ہے۔

(۵) ادبی اہمیت :۔ سلیس با محاورہ فارسی زبان جو اس وقت
رائج تھی اس کی پوری عکاسی اس کتاب میں ہے۔ عام فہم اور سلیس
ہونے کے ساتھ ساتھ اس میں اعلیٰ معیارِ ادب کا بھی نمونہ ہے۔ عربی
فارسی کے اشعار اور قرآنی آیات اور احادیثِ نبوی جملوں میں ایسے پرو دیئے
ہیں کہ متن کا جز معلوم ہوتے ہیں اور کہیں بھی ربط ساقط نہیں ہوتا۔

(۶) تذکرہ اعراس کے عنوان کے تحت بزرگوں کے یوم وفات کا ذکر
جس سے ان کی سن وفات کا صحیح اندازہ ہو جاتا ہے اور تاریخی مواد
فراہم ہوتا ہے۔

(۷) جگہ جگہ شاہ عالم کے خطبات کے اقتباسات درج ہیں۔ یہ
بھی محفوظ ہو گئے۔

۱۷

زیرِ مطالعہ لطائف شاہیہ کا نسخہ :۔

ہمارے زیر مطالعہ جو لطائف شاہیہ کا نسخہ ہے اس کا
سرورق یوں لکھا ہے۔

لطائف شاہیہ

مؤلف

حضرت مقبول عالم قدس سرہٗ

ولادت ۱۴ ؍ رجب ۹۸۹ھ

وفات ۱۲ ؍ رجب ۱۰۴۵ھ

بمطابق نسخہ قاضی عبداللہ میاں کہ در ۱۱۰۹ھ نوشتہ شدہ بود

مالک

سید محمد علی حسین میاں ترمذی۔ کاظمی۔ مانگرولی

اور اطراف سرورق حضرت مقبول عالم مؤلف کتاب کا نسبی شجرہ سیّدنا حضرت علی کرم اللہ وجہہ تک لکھا ہوا ہے اور کتاب کے خاتمہ پر مندرجہ ذیل تحریر ہے۔

تمت بالخیر

سید غلام علی ابن مرحوم سید احمد علی بخاری الشاہی الرضوی ۱۳۴۶ھ ۱۹۲۸ء اور نیچے حاشیہ لکھا ہوا ہے "اول یہ کتاب لطائف شاہیہ سید مصطفیٰ میاں بن تاج محمد کے نسخہ سے ۱۲۶۸ھ میں نقل کی گئی تھی مگر چونکہ وہ نسخہ بہت غلط تھا اس لئے مولوی محمد حسن صاحب کے نسخہ سے مقابلہ کر کے تصحیح کی۔ اس کے بعد قاضی عبداللہ میاں جوناگڑھی

کے نسخہ سے جو ۱۱۰۹ھ تھا مقابلہ کر کے مزید تصحیح کی باوجود ان باتوں کے بہت سی غلطیاں رہ گئی ہیں (پروفیسر محمد علی)

کتاب کا جائزہ :-

کتاب کا سائز $\frac{30 \times 20}{16}$ ہے اور کل ۲۵۶ اوراق پر مشتمل ہے اور ہر ورق پر ۱۰ سطریں ہیں خط نستعلیق اور تختی عمدہ ہے آغاز کتاب یوں ہے۔ بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ لطائف شاہیہ بسم اللہ الرحمن الرحیم ط الحمد للہ کما ینبغی لکرم وجھہ ربنا وعز جلالہ والصلوٰۃ والسلام علی حبیبہ وعبدہ سید العالمین محمد بن عبداللہ وآلہ واصحابہ اجمعین۔ امابعد چون در کلام وارث حال و مقام .... اور صفحہ اوّل سے صفحہ ۸ تک اس طرح عبادت چلی جاتی ہے۔ صفحہ ۸ پر وھذا فھرست اللطائف کا عنوان باندھکر لطائف کی فہرست دی گئی ہے جو صفحہ ۱۰ پر ختم ہوتی ہے اور صرف ۴۵ لطائف کی فہرست ہے (لطائف تو ۶۳ ہیں اور بمشابہت عمر شریف حضورؐ کی سن کے مطابق یہ ۶۳ عدد تجویز کئے ہیں) مگر کتاب میں پورے ۶۳ لطائف موجود ہیں۔ پہلا لطیفہ در تیقظ۔ بیدار شدن از خواب گوید سے شروع ہوتا ہے اور آخری کا لطیفہ یوں شروع ہوتا ہے لطیفہ شعت وسیوم درار بعینیات تحسنت می باید دانست کہ مطلوب فقراء .....“

تنقیدی جائزہ :-

حضرت مقبول عالم مؤلف کتاب کا وصال ۱۰۴۵ھ/۱۶۳۵ء میں ہوا اور آپکی عمر ۵۶ سال کی تھی اور اگر بالفرض مان لیا جائے کہ آپ نے ۳۰ سال کے سن میں پہلا نسخہ مرتب کیا تو اس کا سن تالیف ۱۰۱۹ھ/۱۶۱۰ء ہوتا ہے اور قاضی عبداللہ جوناگڑھی کا نسخہ تقریباً ۱۰۰ سال بعد کا یعنی ۱۱۰۹ھ/۱۶۹۷ء کا ہے اور حمید عالم کا سن وفات ۱۱۱۴ھ/۱۷۰۲ء ہے یعنی قاضی صاحب کا نسخہ حضرت حمید عالم کے زمانے میں لکھا گیا اور رسالہ زینت المفاتیح جو لطائف شاہیہ کا لطیفہ نمبر ۲۹ ہے آخری نام بتوسل حمید عالم کا نہیں بلکہ سید موسیٰ کا ہے جو حمید عالم کے بعد پانچواں نام ہے اس کی وجہ صرف ایک ہی ہوسکتی ہے کہ قاضی عبداللہ میاں کے خاندان نے برکت کے خیال سے اپنے زمانہ کے بخاری سجادہ نشین کے نام لکھدیئے ہوں جیسا کہ سادات ترمذ نے مانگرول نے اپنے نسخہ میں کئے کہ سید رکن الدین کے بعد بہت سے نام بطور تبرک شامل کردیے جس کا ذکر آگے آئے گا۔

پہلے ہم بتا چکے ہیں کہ سید سکندر بن مسعود کا سن وفات ۸۲۵ھ/۱۴۲۲ء ہے اور شاہ عالم نے رسالہ زینت المفاتیح ۔ پڑھنے کی اجازت ۸۶۳ھ/۱۴۵۹ء میں دی اس لئے ظاہر ہے کہ رسالہ کو پڑھنے کا سلسلہ اس خاندان میں سید سکندر نے شروع نہیں کیا ممکن ہے آپ کے خلیفہ اور بیٹے سید آدم نے شروع کیا ہو اس کے کوئی تاریخی شواہد موجود نہیں ہیں۔ تاہم ہمیں معلوم ہے کہ سید رکن الدین اور شاہ عالم کی ملاقات ۸۷۳ھ/۱۴۶۸ء میں ہوئی اس کا ایک

ثبوت ہے جس کا ذکر ہم نے سطور بالا میں کیا ہے۔ نیز رسالہ زینت المفاتیح میں خلفاء ترمذ مانگرول کے اسماء گرامی حسب ذیل ہیں۔

مخدوم سید سکندر

|

سید آدم

|

سید رکن الدین

|

سید عبدالرحمان وغیرہ

اور حاشیہ میں سید رکن الدین کی اولاد کی یوں وضاحت کی ہے۔

سید رکن الدین

سید حسن (شاہ جیو) — عبدالرحمان (شاہ منجھو) (مرید شاہ عالم)

سید عبدالرحمان کے اسم گرامی کے بعد یہ لکھنا (مرید شاہ عالم رح) کچھ معنی رکھتا ہے۔ اس سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ سید عبدالرحمان حضرت شاہ عالم سے بیعت اور انکے مرید تھے جیساکہ اوپر بتایا گیا ہے کہ سید رکن الدین شاہ عالم کے پاس احمد آباد تشریف لے گئے تھے تو ساتھ ساتھ اپنے بڑے صاحبزادے سید عبدالرحمان کو بھی لے گئے ہوں گے اور وہ بھی مرید ہوئے ہونگے انہوں نے اپنے نام کے ساتھ خاص طور پر "مرید شاہ عالم" لکھا ہے۔ اس سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ رسالہ کا پڑھنا سید رکن الدین نے شروع کیا اور سید عبدالرحمان نے جو براہ راست شاہ عالم کے مرید تھے اس کو جاری رکھا جو اب تک جاری ہے۔

زیر مطالعہ نسخہ پر چند اشخاص کے نام آئے ہیں نامناسب نہ ہوگا اگر ان پر اجمالی نوٹ لکھا جائے۔

قاضی عبداللہ میاں :۔ ریاست جوناگڑھ کے قاضی تھے اور ایک صوفی منش عالم بزرگ تھے۔ قاضی عبداللہ میاں کے فرزند قاضی احمد میاں اختر جوناگڑھی بلند پایہ شاعر محقق اور ادیب تھے۔ آپ نے سید سلیمان ندوی مرحوم کے ایما پر طبقات الامم اندلسی کا اردو میں ترجمہ کیا جو دارالمصنفین اعظم گڑھ سے شائع ہو چکا ہے آپ سید حسن میاں "سید" کے شاگرد تھے ۱۶ اگست ۱۹۵۵ء کو انتقال ہوا۔

سید محمد علی :۔ مالک کتاب سید محمد علی مانگرول کے ترمذی سادات سے تھے آپکے والد سید حسن میاں صاحب دیوان شاعر تھے اور "سید" تخلص رکھتے تھے۔ سید محمد علی بہاؤالدین کالج جوناگڑھ میں عربی۔ فارسی اور اسلامیات کے پروفیسر تھے۔ آپکا رسالہ "مواقیت الصلوٰۃ - فن مواقیت کا بیش بہا رسالہ ہے۔ آپکی وفات ۱۹۴۵ء جوناگڑھ میں ہوئی۔

سید غلام علی احمد علی :۔ سید شاہ عالم کے خلیفہ اور بھائی سید زاہد کی اولاد کی ایک شاخ ہیں۔ سید زاہد کی اولاد نے مانگرول میں سکونت اختیار کرلی تھی آپ اس نسخہ کے کاتب ہیں۔

سید مصطفیٰ تاج محمد :۔ زیادہ حالات معلوم نہ ہو سکے۔ ترمذی سادات مانگرول میں سے تھے۔

مولوی محمد حسن :۔ ترمذی خاندان مانگرول کے چشم و چراغ تھے تاریخ پیدائش ۱۲۹۳ھ ۱۸۷۶ء ہے[1] آپ ایک طباع۔ ذہین صاحب فہم اور نہایت تجربہ کار طبیب اور عالم باعمل صوفی بزرگ تھے پندرہ سال کی عمر تک علوم درسیہ سے فراغت پائی بعدازاں طب کی کتابیں پڑھنی شروع کیں۔ آپنے ایک مقالہ لکھا جس میں یہ بحث کی ہے کہ آیا خط استوا کے قریب کے رہنے والے اعدل الاضاف ہیں اقلیم رابعہ کے۔ یہ مقالہ آپ نے بہت کم عمری میں لکھا آپنے حکیم براکلسوس کی ایک طب کیمیائی کی کتاب کی شرح موسوم بہ "الشرح البساغراء"، لکھی جو چھپ چکی ہے

---

(۱) رموز الاطباء جلد اول صفحہ ۲۲۷

اور اب ناپید ہے۔ یہ کتاب دیکھنے سے پتہ چلتا ہے کہ جدید علم الادویہ کا مُوجد یہی طبیب تھا

آپ حضرت نیاز احمد صاحبؒ خلیفہ حاجی امداد اللہ ۱۲۳۳ھ / ۱۸۱۸ء تا ۱۳۷۱ھ / ۱۸۹۹ء

مہاجر مکیؒ سے بیعت تھے یوں آپکا سلسلہ بیعت چشتیہ، صابریہ امدادیہ تھا۔ آپ نے

۱۹۴۱-۴۲ء کے لگ بھگ وفات پائی۔

بخاری خاندان احمد آباد اور ترمذی خاندان مانگرول کے باہمی تعلقات:۔

سادات ترمذ مانگرول کو سادات بخاری احمد آباد سے بیحد عقیدت اور والہانہ محبت تھی اور یہ سلسلہ تسلسل سے ابھی تک جاری ہے حتکہ جس مہینے میں شاہ عالمؒ کا عرس ہوتا ہے (جمادی الثانی) اسکا نام خاندان ترمذ مانگرول نے "شاہ عالمؒ کا مہینہ" رکھا ہوا ہے اور آج بھی رسالہ زینت المفاتیح سال میں دو مرتبہ باقاعدگی سے پڑھا جاتا ہے۔ ترمذی خاندان کے جدامجد سید سکندر بن مسعودؒ سید جلال الدین جہانیان جہانگشتؒ[۱] کے خلیفہ تھے اس طرح سید برہان الدین قطب عالم۔ سید جلال الدین کے پوتے سید سکندر بن مسعود سے بیعت[۲] اور سید رکن الدین، سید سکندر کے پوتے اور سید عبدالرحمان، سید رکن الدین کے صاحبزادے سید شاہ عالم۔ حضرت قطب عالم کے صاحبزادے سے بیعت تھے اور یہ سلسلہ ابھی تک جاری ہے اور ترمذی خاندان کے اکثر حضرات ابھی تک بیعت ہوتے چلے آئے ہیں۔

سید قطب عالم کی اولاد کی ایک شاخ نے مانگرول میں سکونت اختیار کرلی تھی اور ابھی تک انکی اولاد وہاں مقیم ہے اور ترمذی سادات انکی عزت اور احترام کرتے ہیں۔

سید حسن میاں شاعر تھے جن کا تخلّص سیّد تھا۔ یہ ترمذی خاندان کے فرد تھے (قاضی احمد میاں اختر جوناگڑھی کے استاد) انہوں نے شاہ عالم کی شان میں کئی قصیدے لکھے ہیں اور دونوں خاندان کے باہمی تعلقات پر روشنی ڈالی ہے۔ نمونہ کے طور پر چند اشعار پیش خدمت ہیں۔

۱۔ رقعہ سید رکن الدین بشاہ عالم (۲) جامعہ طرق برہانیا۔ شاہ عالم

ہر ایک کو شرف آپکی خدمت سے ملا + شاہوں کو تخت اسی در دولت سے ملا (اشارہ بہ محمود بیگڑہ)

اس خادم کمتر کے بزرگوں کو بھی + حضرت کے بزرگوں کی عنایت سے ملا۔ (اشارہ سید سکندر)

تلاش راہ عرفان الٰہی ہے اگر سید + بنا تو خضر رہ اپنا کلام شاہ عالم کو (از دیوان سید - قلمی)

اے سید الٰہی کے خزانے والے + اے فیض کے چشموں کو بہانے والے

دامن در مقصود سے بھر دے میرا + شاہ عالم خطاب کے پانے والے (" " ")

ہر اک جگہ دنیا میں وہ پھر کر آیا + تھامے ہوئے دل مضطر و ششدر آیا

جس گھر سے تھا دالبتہ ازل سے سید + ہر پھیر کے وہ آخر اوسی در پہ آیا (" " ")

جس شخص نے اوج آپکے گھر سے پایا + برتر اوسے خورشید و قمر پایا

گجرات کے شاہوں نے بھی شاہی کا شوق + حضرت کی عنایت کی نظر سے پایا (" " ")

غمگین کو تو چاہے تو خرم کر دے + درویش کو ہم رتبہ جم کر دے

مختار دو عالم ہے خدایا تو مگر + مجھکو تو سیر و شاہ عالم کر دے (" " ")

سید، مانگرولی کے علاوہ سید سلطان میاں مرتضیٰ میاں متخلص سلطان مانگرولی نے بھی آپکی شان میں کئی قصائد لکھے ہیں۔ نیز خوشتر مانگرولی نے بھی آپکی منقبت میں لکھا ہے جسکا مطلع ہے

پلا کے مخدوم جام عرفان جو آج بیخود بنا رہے ہیں (بحوالہ رقعہ از خوشتر مانگرولی بجانب

نگاہ مشتاق کو ہماری بہار عرفان دکھا رہے ہیں راقم الحروف)

اس طویل مقدمہ کے بعد ہم لطائفہ شاہیہ" پیش کرتے ہیں اس کی ترتیب وہی رکھی ہے جو اصل میں ہے اور اوراد کا ترجمہ چھوڑ کر صرف فارسی عربی متن کا اردو میں ترجمہ کیا ہے اور ترجمہ کی ترتیب یہ ہے کہ عربی فارسی متن کے نیچے اردو ترجمہ لکھ دیا ہے۔

اس کتاب کو منظر عام پر لانے میں جن حضرات نے مجھے کسی طرح بھی مدد دی یا میری ہمت افزائی کی ان سب کا شکریہ ادا کرنا میرا انتہائی خوشگوار فریضہ ہے۔

سب سے پہلے میں جناب محمد ایوب قادری ایم اے کی خدمت میں ہدیۂ تشکر پیش کرتا ہوں جنہوں نے کتاب ھذا کا پیش لفظ لکھکر اسکی اہمیت و افادیت کو واضح کیا۔ قادری صاحب اس خانوادے کے اہم ترین بزرگ حضرت مخدوم جہانیاں جہانگشت کے حالات و کمالات پر ایک مفصل اور تحقیقی مقالہ لکھکر کافی عرصہ ہوا کتابی شکل میں شائع کرا چکے ہیں۔ لطائف شاہیہ بھی اسی سلسلہ کی ایک کڑی ہے اسلئے یہ حق قادری صاحب ہی کا تھا کہ وہ اس کتاب کا پیش لفظ لکھیں چنانچہ اپنے اس حق کو جائز طور پر استعمال کر کے انہوں نے یہ چند سطریں سپرد قرطاس کیں جو میرے لئے موجب فخر ہیں۔

قادری صاحب کے بعد میں ثناء الحق صدیقی ایم اے (علیگ) کا بھی شکریہ ادا کرنا ضروری سمجھتا ہوں جنھوں نے اس کتاب کی ترتیب و تسوید کے دوران کئی مفید مشورے دیئے۔ مسودہ کو بار بار پڑھا اور کتابت کی تصحیح کا کام انجام دیا۔ حضرت مولانا محمد طاسین صاحب ناظم مجلس علمی کراچی بھی بجا طور پر میرے شکریئے کے مستحق ہیں جنہوں نے بہ امعان نظر کتاب کا مطالعہ کر کے مجھے اپنے قیمتی مشوروں سے نوازا۔ پھر میرے عزیز دوست جناب حمد صاحب ہیں جنہوں نے کتاب کی اہمیت کا اندازہ کر کے اس کے شائع کرانے کیلئے آمادگی کا اظہار کیا اور اس اہم ترین مسئلہ کو انہوں نے حل کیا میں بہ صمیم قلب ان کا ممنون ہوں اور بارگاہ رب العزت میں ان کے لئے جزائے خیر کا طالب ہوں۔

آخر میں مجھے جناب سلیم الدین انصاری کا بھی شکریہ ادا کرنا ہے جنہوں نے کتابت، طباعت کا انتظام اپنے ذمہ لیکر مجھے بہت سی پریشانیوں سے بچا لیا۔

العبد الضعیف

سیّد وارث علی ترمذی

لطائفِ شاهیہ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمْ

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ کَمَا یَنْبَغِی لِکَرَمِ وَجْہٖ رَبَّنَا وَعِزَّ جَلاَ لَہٗ وَ الصَّلوٰۃُ وَ السَّلاَمُ عَلٰی حَبِیْبِہٖ وَعَبْدُہٗ سَیِّدِ الْعَالِمِیْنَ مُحَمَّدِ بِنْ عَبْدُ اللّٰہِ وَ اٰلِہٖ وَ اَصْحَابِہٖ اَجْمَعِیْنَ۔

اَمَّا بَعْدُ۔ چون در کلام وارث حال و مقام و سنن ونام وصورت وسیرت سیدالانام وعلیٰ آلہ واصحابہ الصلوٰۃ والسّلام سید محمد بن عبداللہ الملقب بشاہ عالم من عنداللہ ترغیب مراعات اوقات بسیار آمدہ وتاکید تمام بعبادات بتکرار واقع شدہ چنانکہ در نصیحت مریدان خاندان طہارت

نشان فرموده باید که اوقات را ضایع نه گذارد و بخیرات

وحسنات معمور دارد بیت

اَلْوَقْتُ کَالنَّارِ وَالْاَعْمَارُ فِیْہِ عَصیً

فَبَادِر الْخَیْرَاتِ اَنَّ الْعُمْرَ یَحْتَرِقُ

وفرمود نه شاید که اوقات را به بطالت گذراند و خواب غفلت را

سرمایۂ عیش و زندگانی گرداند بیت

غفلتِ شام و خوابِ صبح زنده دلانِ شوق را

دور کند ز قربِ حق ہمچون غلوله از تفنگ

وفرمود عمر عزیز خود ضایع نه سازد که فردائی قیامت روی

خلاص به بیند و ازین حالت اندیشه کند که گفته اند بیت

قَدْ مَضَی الْاَیَّامُ وَالذَّنْبُ حَاصِلُ

وَجَاءَ رَسُوْلُ الْمَوْتِ وَالْقَلْبُ غَافِلُ

وفرمود هر که این دمی چند معدود را در طاعات و عبادات صرف

کرده باشد و از معاصی اجتناب نموده بمقصود برسد فَمَنْ یَّعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ خَیْرًا یَّرَهُ و فرمود نقد عمر خود ضایع مکن هر نفس گوہریست کہ در تو ودیعت نہادہ اند اِنَّ اللّٰهَ یَاْمُرُكُمْ اَنْ تُؤَدُّوا الْاَمَانَاتِ اِلٰۤی اَهْلِهَا سپردن امانت باہل آن عبارت ازان است کہ بردمی دریادِ او تعالیٰ برآری ای برادر دنیا جای قرار و آرام نیست بلکہ مزرعت آخرت است بیت

ہر نفس ز انفاس عمرت گوہر است
گوہرِ انفاس را ضایع مکُن

و فرمود اگر عمر در طلب مولیٰ و عبادت او تعالیٰ صرف شدہ باشد داعی موت را اَهْلًا وَّ مَرْحَبًا باید گفت وِالَّا غمِ گور خود باید خورد۔

یَا مَنْ بِدُنْیَا اِشْتَغَلْ قَدْ غَرَّهٗ طُوْلُ الْاَمَلْ

اَلْمَوْتُ یَاتِی بَغْتَۃً وَالْقَبْرُ صَنْدُوقُ الْعَمَلْ

وفرمود اَوْ لَمْ یَزَلْ فِی غَفْلَۃٍ و در اتباع طریقہ سلف

جد و جہد نماید کہ باب فضل باری مفتوح است و راہ سوی

حبیب معمور ہر کہ دریں راہ شجاعت کند ظفر یابد شعر

اِنَّ الطَّرِیقَ اِلَی الْحَبِیبِ لَعَامِرٌ

خَابَ الْجَبَانُ وَفَاذَتِ الْاَبْطَالُ

وفرمود تصفیۂ دِل جُز بہ تزکیہ نفس دست نہ دہد و تزکیہ

موقوف بر تصحیح توبہ و استقامت بر ان است و استقامت

حاصل نشود مگر بمحاسبۂ اوقات و محاسبہ آن است کہ

از اول روز تا آخر بلکہ تا قبیل نوم انچہ از افعال و اقوال

و حرکات و سکنات و خطرات از تو در وجود آمد باشد ہمہ

یگان یگان بر خود عرض کنی بہ بینی از ان جملہ مرضی اللہ چند

است و بر خلاف آن چند آن مقدار کہ مرضی اللہ باشد

بر آن شکر بجا آری و گوئی شاہا من لایق آن کجا بودم کہ از
من اینہا صادر شود وَمَا تَوْفِیْقِی اِلَّا بِکَ ای پروردگار
عالمیان تو توفیق بخشیدی واگر نہ مَن ہمان نُطفہ مَھین و مُشتِ
خاکم و آن مقدار کہ غیر مرضی اللہ یابی از آن بُطُوع و رغبت
بسوی حق تعالےٰ باز گردی و باستغفار مشغول شوی بیت

تُرا در نفسِ خود یک عیب دیدن
بہ از صد بار غیب الغیب دیدن

وفرمود طریقۂ تزکیہ آنست کہ طعام و آب کم کنی و از خلق
عزلت گیری و بسخنان لَا یَعْنِیْ عمر ضایع نہ کنی و بغیر ضرورت
بخواب نہ روی قِیْلَ اِنَّ مِنْ اَعْظَمِ الْمَصَائِبِ
مُضِیْعُ الْوَقْتِ بِلَا فَائِدَۃٍ بیت

نصیحت ہمیں است جانِ برادر
کہ اوقات ضایع مکُن تا توانی

وفرمود در باب رزق بر مواعید حق تعالیٰ واثق بود و اندوہ آن از خاطر خود دور کند و سعی جمیل نماید تا از ذکر او تعالیٰ غافل نہ گردد مثنوی ؎ کسے کو غافل از حق یک زمان است۔ در آن دم کافر است امّا نہان است۔ و اگر کسی غافل پیوستہ باشد۔ درِ اسلام بروے بستہ باشد و فرمود بظہورِ کرامات و استجابتِ دعوات فریفتہ نشود کہ اجانب ہم چیزہائے کرامت نمائی توانند ظاہر ساخت، بندہ باید برای کاریکہ اینجا فرستادہ اند مرتبہ اعلیٰ آن را تلاش کند قَالَ اللّٰہُ تَعَالیٰ وَمَاخَلَقْتُ الْجِنَّ وَالْاِنْسَ اِلَّا لِیَعْبُدُوْنَ وفرمود میگوید کہ من میروم و متلاشی شوم امّا افعال کہ در من میکنی از نیک و بد جزاءِ آن با تو فوائد بود بیت

کردارِ نیک و بد بقیامت قرین تست
آن اختیار کُن کہ توان دیدنش لقا

وقول حضرت مشرفیہ بہ ندائے ولدی از روضۂ مقدسۂ محمدی حضرت سید الاقطاب مخدوم جہانیاں علیہ وعلیٰ آبائہ التحیۃ والرضوان کہ زندگی دنیا یادگار است اشارہ باین معنی است وہم قولِ حضرت مشرف است کہ تنِ بیکار مدار، ودلِ بے یار مدار وہرچہ کنی بیدل مکن بنا برین کلمات سادات کہ سادات کلمات است تراب اقدام کلاب خدام درگاہ شاہی محمد بن جلال را کہ بہ پرستاری آن آستان دردین ودنیا میاہی است حیث قال رباعی :-

سلطان بسریرِ تاجِ خاتم نازد | درویش بہ وردِ اسمِ اعظم نازد
حاجی بطوافِ کعبہ وزاہد بہ نماز | بندہ بسجود شاہِ عالم نازد

دردل افتاد کہ برخی از عبادات وشطرے از اذکار ودعوات بر ترتیب اوقات پردازد وآن را بتمطی کہ وظیفۂ فقراءِ این سلسلۂ شریفہ است درضمن چند لطیفہ فراہم آوردہ بہ لطائف شاہیہ

مسمیٰ سازد و جمیع لطائف این وظائف تبرکاً بحساب سنین عمر مبارک حضرت خاتم النبین سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم و تیمناً بہ شمار سالہائے حیات سوری شاہ عالم در شصت و بہ لطیفہ دست داد و بہ الاستعانۃ والاستمداد فی العمل والاعتقاد

شعر

اَلْمَدَد یَا شَاہِ عَالَمْ اَلْمَدَد
لَیْسَ فِیْ عَالَم سِوَاکَ لِیْ اَحَد

وھٰذا فہرست اللطائف

لطیفہ اولیٰ — در یقظ

لطیفہ دوم — در استعداد

لطیفہ سوم — در طہارت

لطیفہ چہارم — در لباس

لطیفہ پنجم — در ذکر سحر

لطیفہ ششم — در استماع اذان

لطیفہ ہفتم — در سعی مسجد

لطیفہ ہشتم — در نماز فجر

لطیفہ نہم — در درود فجر

لطیفہ دہم — در اذکار فاطمیہؓ

لطیفہ یازدہم — در دعای استغاثہ

لطیفہ دوازدہم [۱۲]	در ذکر کشف
لطیفہ سیزدہم [۱۳]	در قرأتِ آیات
لطیفہ چہاردہم [۱۴]	در اذکار کہ بعد از ہر فریضہ وارد است
لطیفہ پانزدہم [۱۵]	در ادعیۂ خمسہ و قلتیہ
لطیفہ شانزدہم [۱۶]	در اذکار اربعہ الٰہیہ
لطیفہ ہفدہم [۱۷]	در کلمات ثلاثہ شاہیہ
لطیفہ ہژدہم [۱۸]	در پنج گنج اوّل
لطیفہ نوزدہم [۱۹]	در پنج گنج آخر
لطیفہ بستم [۲۰]	در قراءت سورۂ فاتحہ
لطیفہ بست ویکم [۲۱]	در توسل
لطیفہ بست ودوم [۲۲]	در اسماء حسنٰی
لطیفہ بست وسوم [۲۳]	در اسمائے حضرت مقدّسہ سید عالم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم

لطیفہ بست و چہارم [24] در مُسبّعَات عَشرہ مُستغَاث عُسر

لطیفہ بست و پنجم [25] در قرأت سورۂ یٰس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلّم

لطیفہ بیست و ششم [26] در قرأت آیات سبع و دعائے جامع

لطیفہ بیست و ہفتم [27] در نمازِ اشراق

لطیفہ بیست و ہشتم [28] در نماز ضحیٰ

لطیفہ بیست و نہم [29] در رسالہ زینت المفاتیح

لطیفہ سی اُم [30] در مناقب شاھیہ

لطیفہ سی و یکم [31] در توجہ بروضۂ شاہی

لطیفہ سی و دوم [32] در مذاکرۂ علمیہ

لطیفہ سی و سوم [33] در طعام و آب

لطیفہ سی و چہارم [34] در نماز فی زوال

لطیفہ سی و پنجم [35] در نماز ظہر

لطیفہ سی و ششم [36] در تلاوت کلام اللہ

لطیفہ سی[۳۷] وہفتم	در مطالعہ کتب مفیدہ
لطیفہ سی[۳۸] وہشتم	در نماز عصر
لطیفہ سی[۳۹] ونہم	در قرأت سورۂ نباء
لطیفہ چہل[۴۰]	در رسالہ مفاتیح خزائن اللہ
لطیفہ چہل[۴۱] ویکم	در خطابات شاہیہ
لطیفہ چہل[۴۲] ودویم	در نماز مغرب
لطیفہ چہل[۴۳] وسوم	در نماز اَوّابین
لطیفہ چہل[۴۴] وچہارم	در نماز عشاء
لطیفہ چہل[۴۵] وپنجم	در نماز تہجد
لطیفہ چہل[۴۶] وششم	در مناجات منسوبہ بحضرت شاہیہ
لطیفہ چہل[۴۷] وہفتم	در قرأت سورۂ مزمل
لطیفہ چہل[۴۸] وہشتم	در ذکر یقین
لطیفہ چہل[۴۹] ونہم	در ذکر اسم لطیف

لطیفہ پنجاہ[۵۰] در نماز وتر

لطیفہ پنجاہ[۵۱] ویکم در نوم

لطیفہ پنجاہ[۵۲] ودوم در شب جمعہ

لطیفہ پنجاہ[۵۳] وسوم در روز جمعہ

لطیفہ پنجاہ[۵۴] وچہارم در شب ماہ

لطیفہ پنجاہ[۵۵] وپنجم در محرم

لطیفہ پنجاہ[۵۶] وششم در صفر

لطیفہ پنجاہ[۵۷] وھفتم در ربیع الاول

لطیفہ پنجاہ[۵۸] وھشتم در رجب

لطیفہ پنجاہ[۵۹] و نہم در شعبان

لطیفہ شصتم[۶۰] در رمضان

لطیفہ شصت[۶۱] ویکم در شوال

لطیفہ شصت[۶۲] ودوم در ذی الحجہ

لطیفہ شصت[۶۳] وسوم در اربعینات والمسئول من اللہ القبول

لطیفۂ اوّل در تیقظ

وقت بیدار شدن از خواب گوید اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ اَحْیَانَا بَعْدَ مَا اَمَاتَنَا وَاِلَیْہِ النُّشُوْرُ لَا اِلٰـہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَا شَرِیْكَ لَہٗ لَہُ الْمُلْكُ وَلَہُ الْحَمْدُ وَھُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْر یک بار و آیات اواخر سورۂ آل عمران اِلیٰ آخر سورہ بخواند و آں این است اِنَّ فِیْ خَلْقِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَاخْتِلَافِ الَّیْلِ وَالنَّھَارِ لَاٰیٰتٍ لِّاُولِی الْاَلْبَابِ ہ الَّذِیْنَ یَذْکُرُوْنَ اللّٰہَ قِیَامًا وَّقُعُوْدًا وَّعَلٰی جُنُوْبِھِمْ وَیَتَفَکَّرُوْنَ فِیْ خَلْقِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ رَبَّنَا مَا خَلَقْتَ ھٰذَا بَاطِلًا ج سُبْحٰنَكَ فَقِنَا عَذَابَ النَّارِ ہ رَبَّنَا اِنَّكَ مَنْ تُدْخِلِ النَّارَ فَقَدْ اَخْزَیْتَہٗ

وَمَا لِلظّٰلِمِيْنَ مِنْ اَنْصَارٍ ۝ رَبَّنَآ اِنَّنَا سَمِعْنَا
مُنَادِيًا يُّنَادِيْ لِلْاِيْمَانِ اَنْ اٰمِنُوْا بِرَبِّكُمْ فَاٰمَنَّا
رَبَّنَا فَاغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَا وَكَفِّرْ عَنَّا سَيِّاٰتِنَا وَتَوَفَّنَا
مَعَ الْاَبْرَارِ ۝ رَبَّنَا وَاٰتِنَا مَا وَعَدْتَّنَا عَلٰى
رُسُلِكَ وَلَا تُخْزِنَا يَوْمَ الْقِيٰمَةِ اِنَّكَ لَا تُخْلِفُ
الْمِيْعَادَ ۝ فَاسْتَجَابَ لَهُمْ رَبُّهُمْ اِنِّيْ لَآ اُضِيْعُ
عَمَلَ عَامِلٍ مِّنْكُمْ مِّنْ ذَكَرٍ اَوْ اُنْثٰى بَعْضُكُمْ
مِّنْ بَعْضٍ فَالَّذِيْنَ هَاجَرُوْا وَاُخْرِجُوْا مِنْ
دِيَارِهِمْ وَاُوْذُوْا فِيْ سَبِيْلِيْ وَقٰتَلُوْا وَقُتِلُوْا
لَاُكَفِّرَنَّ عَنْهُمْ سَيِّاٰتِهِمْ وَلَاُدْخِلَنَّهُمْ جَنّٰتٍ
تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ثَوَابًا مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ
وَاللّٰهُ عِنْدَهٗ حُسْنُ الثَّوَابِ ۝ لَا يَغُرَّنَّكَ تَقَلُّبُ
الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فِي الْبِلَادِ ۝ مَتَاعٌ قَلِيْلٌ ثُمَّ مَاْوٰىهُمْ

جَهَنَّمُ وَبِئْسَ الْمِهَادُ ۝ لٰكِنِ الَّذِيْنَ اتَّقَوْا رَبَّهُمْ
لَهُمْ جَنّٰتٌ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا
نُزُلًا مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ وَمَا عِنْدَ اللّٰهِ خَيْرٌ لِّلْاَبْرَارِ ۝
وَاِنَّ مِنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ لَمَنْ يُّؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَمَآ
اُنْزِلَ اِلَيْكُمْ وَمَآ اُنْزِلَ اِلَيْهِمْ خٰشِعِيْنَ لِلّٰهِ
لَا يَشْتَرُوْنَ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ ثَمَنًا قَلِيْلًا اُولٰٓئِكَ لَهُمْ
اَجْرُهُمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ اِنَّ اللّٰهَ سَرِيْعُ الْحِسَابِ ۝
يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اصْبِرُوْا وَصَابِرُوْا وَرَابِطُوْا
وَاتَّقُوا اللّٰهَ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ۝

لطیفۂ دوم در استعداد

وقت خلا رفتن گوید اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِكَ
مِنَ الْخُبْثِ الْمُخْبِثِ مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيْمِ

وبعد از بر آمدن اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ اَخْرَجَ عَنِّیْ مَا یُوْذِیْنِیْ وَاَمْسَکَ فِیَّ مَا یَنْفَعُنِیْ یک بار غُفْرَانَکَ رَبَّنَا وَاِلَیْکَ الْمَصِیْرُ یک بار

لطیفۂ سوم در طہارت

وقت وضو سر برہنہ کردہ مستقبل قبلہ بنشیند و سخن نہ کند مگر بہ ضرورت و در افتتاح گوید اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطَانِ الرَّجِیْمِ وَمِنْ شَرِّہٖ وَنَفْثِہٖ وَنَفْخِہٖ یک بار رَبِّ اَعُوْذُ بِکَ مِنْ هَمَزَاتِ الشَّیَاطِیْنِ وَاَعُوْذُ بِکَ رَبِّ اَنْ یَّحْضُرُوْنَ سہ بار و نزدِ مسواک کردن گوید اَللّٰھُمَّ اجْعَلْ تَسْوِیْکِیْ ھٰذَا تَمْحِیْصًا لِذُنُوْبِیْ وَابْتِغَاءَ مَرْضَاتِکَ یَا سَیِّدِیْ وَبَیِّضْ بِہٖ وَجْھِیْ کَمَا تُبَیِّضُ بِہٖ اَسْنَانِیْ یک بار و بعد

ازاں تسمیہ گفتہ شروع در وضو نماید و در اثناء وضو کلمۂ شہادت گوید و تصور کند کہ باطن را از محبت ماسوای اللہ تعالےٰ میشوید و رحمہ اللہ من قال بیت

دل نہ کردی زہر دو عالم سرد
بے طہارت نماز خواہی کرد

وچون از وضو فارغ شود و پارۂ آب از بقیہ وضو اگر صائم نباشد بہ نیت شفا استادہ بخورد و بگوید اَللّٰھُمَّ اجْعَلْنِیْ مِنَ التَّوَّابِیْنَ وَاجْعَلْنِیْ مِنَ الْمُتَطَھِّرِیْنَ وَاجْعَلْنِیْ مِنْ عِبَادِكَ الصَّالِحِیْنَ بِرَحْمَتِكَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ یک بار و در وقتی کہ محاسن را شانہ کنی سورۂ اَلَمْ نَشْرَحْ بخواند ۳ بار وچوں غسل کند نخست دستہا را بشوید بعد ازاں استنجا باحتیاط کند و اگر نجاست بر اندام باشد زائل ساختہ وضو بترکیب مذکور سازد

واگر زیر پا لوح نباشد پا بیا را آخر بشوید و آب بتمام اندام
سہ بار رساند و اگر دلک میسر شود زہی کار خصوصاً زیر کشہا
و زیر زانوہا دست رساند و گوش را اندرون و بیرون و ناف را
بسر انگشت بمالد و در اثناء غسل بکلمۂ تشہد رطب اللسان
باشد و ایں دعا بخواند اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ تَطَھَّرْتُ الْبَدَنَ
الَّذِیْ یَصِلُ یَدَیَ اِلَیْہِ بِتَوْفِیْقِکَ فَطَھِّرْ اَنْتَ
قَلْبِی الَّذِیْ حُکْمُہٗ بِیَدِ قُدْرَتِکَ وَاَنْتَ مُغْسِلَہٗ
بِمَاءِ نُوْرِ مَعْرِفَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ یکبار
و بعد از غسل یَا مُھَیْمِنُ گوید صد بار کہ دل را مفید است
و اگر در آن وقت نماز لازمی نداشتہ باشد دوگانہ بگذارد
و در رکعت اولیٰ بعد از فاتحہ وَلَوْ اَنَّھُمْ اِذْ ظَلَمُوْا اَنْفُسَھُمْ
جَاؤُکَ فَاسْتَغْفَرُوا اللّٰہَ وَاسْتَغْفَرَ لَھُمُ الرَّسُوْلُ
لَوَجَدُوا اللّٰہَ تَوَّابًا رَّحِیْمًا و در رکعتِ ثانیہ وَمَنْ یَّعْمَلْ

بِسُوْءٍ اَوْ يَظْلِمْ نَفْسَهٗ ثُمَّ اسْتَغْفِرِ اللّٰهَ يَجِدِ اللّٰهَ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا. بخواند یکبار بعد از سلام گوید اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ سَرِيْرَتِيْ خَيْرًا مِّنْ عَلَانِيَتِيْ وَاجْعَلْ عَلَانِيَتِيْ صَالِحَةً بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ یک بار بخواند

لطیفۂ چہارم در لباس

وقت پوشیدن جامہ گوید اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ مِنْ خَيْرِهٖ وَخَيْرِ مَا هُوَ لَهٗ وَاَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّ مَا هُوَ لَهٗ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ كَسَانِيْ هٰذَا الثَّوْبَ وَرَزَقَنِيْهِ مِنْ غَيْرِ حَوْلٍ مِّنِّيْ وَلَا قُوَّةٍ یکبار

چون جامۂ نو پوشیدہ آنچہ مذکور شد گفتہ بگوید اَللّٰهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ اَنْتَ كَسَوْتَنِيْهِ اَسْئَلُكَ خَيْرَهٗ وَخَيْرَ مَا صُنِعَ لَهٗ وَاَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّهٖ وَشَرِّ مَا صُنِعَ

لَہٗ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ کَسَانِیْ مَا اُوَارِیْ بِہٖ
عَوَارِتِیْ وَاَتَجَمَّلُ بِہٖ فِیْ حَیَاتِیْ یکبارہ وجامہ کہنہ را بکسے
بدہد سورۂ اِنَّآ اَنْزَلْنَا با تسمیہ بخواند دوازدہ بار وبر آب
بدمد وآن را بر جامۂ نو بیفشاند اگر پیراہن وجز آن باشد
بر گریبان وآستین واگر سراویل وازار ومیزد باشد
بر نیفہ ودستار وکلاہ را بر ہر محل کہ باشد کہ درین برکت
بسیار است واگر طیب بمالد گوید اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ
وَبَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ الطَّیِّبِیْنَ الطَّاہِرِیْنَ
اَللّٰھُمَّ یَا طَیِّبُ کَمَا طَیَّبْتَنِیْ بِطِیْبِ الدُّنْیَا فَطَیِّبْنِیْ
فِی الْاٰخِرَتِ بِطِیْبِ الْجَنَّۃِ وَطَیِّبْ قَلْبِیْ بِذِکْرِکَ
یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ وَاللّٰہِ دَرُّ مَوْلَانَا
جَلَال طَیَّبَنَا اللّٰہُ تَعَالٰی بِطِیْبِ اَنفَاسِہٖ حَیْثُ
قَالَ مَثْنَوِیْ

مُشک را بر تن مزن بر دل بمال
مُشک چه بود نام پاک ذوالجلال

لطیفۂ پنجم ذکرِ وقتِ سحر

وقت سحر گوید اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ لِـنَ ذَنْبِیْ سُبْحَانَ اللّٰہِ بِحَمْدِ رَبِّیْ ہفتاد بار اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ ذَھَبَ بِاللَّیْلِ مُظْلِمًا بِقُدْرَتِہٖ وَجَاءَ بِالنَّھَارِ مُبْصِرًا بِرَحْمَتِہٖ یکبار و سنّت بگذارد بقرأت اَلَمْ نَشْرَحْ وَ اَلَمْ تَرَ کَیْفَ یا اخلاصین و بعد از سلام گوید یا عزیز چہل و یکبار اَللّٰھُمَّ اَھْدِنِیْ وَسَدِّدْنِیْ یَا مُقَلِّبَ الْقُلُوْبِ ثَبِّتْ قَلْبِیْ عَلٰی دِیْنِکَ یک بار و دعای رحمت کہ حضرت مقدسہ سید عالم صلی اللہ علیہ و آلہ و اصحابہ وسلم بران مواظبت می

فرمود چنانکہ از عوارف مستفاد میگردد بخواند یک بار و آن

این است اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ رَحْمَةً مِنْ

عِنْدِكَ تَهْدِیْ بِهَا قَلْبِیْ تَجْمَعُ بِهَا شَمْلِیْ

وَتَلُمُّ بِهَا شَعْثِیْ وَتَرُدُّ بِهَا اُلْفَتِیْ وَتُصْلِحُ

بِهَا دِیْنِیْ تَقْضِیْ بِهَا دَیْنِیْ وَتَحْفِظُ غَائِبِیْ وَتَرْفَعُ

بِهَا شَاهِدِیْ وَتُزَكِّیْ بِهَا عَمَلِیْ وَتُبَيِّضُ بِهَا

وَجْهِیْ وَتُلْهِمُنِیْ بِهَا رُشْدِیْ وَتَعْصِمُنِیْ بِهَا

مِنْ كُلِّ سُوْءٍ وَتُعَافِنِیْ مِنْ كُلِّ بَلَاءٍ وَتُغْنِیْ

بِهَا عَمَّنْ سِوَاكَ اَللّٰهُمَّ اَعْطِنِیْ اِیْمَانًا صَادِقًا

وَیَقِیْنًا لَیْسَ بَعْدَهٗ كُفْرٌ وَرَحْمَةً اَنَالُ بِهَا

شَرَفَ كَرَامَتِكَ فِی الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَةِ اَللّٰهُمَّ

اِنِّیْ اَسْئَلُكَ الْفَوْزَ عِنْدَ الْقَضَاءِ مَنَازِلَ الشُّهَدَاءِ

وَعَیْشَ السُّعَدَاءِ وَالنَّصْرَ عَلَى الْاَعْدَاءِ وَمُرَافِقَةَ

الْاَنْبِيَآءِ اِنَّكَ سَمِيْعُ الدُّعَآءِ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اُنْزِلُ

بِكَ حَاجَتِیْ وَاِنْ قَصُرَ رَاْئِیْ وَافْتَقَرْتُ اِلٰی

رَحْمَتِكَ وَاَسْئَلُكَ يَا قَاضِیَ الْاُمُوْرِ وَيَا شَافِیَ

الصُّدُوْرِ كَمَا تُجِيْرُ بَيْنَ الْجُوْرِ اَنْ تُجِيْرَنِیْ مِنْ

عَذَابِ السَّعِيْرِ وَمِنْ دَعْوَةِ الثُّبُوْرِ وَمِنْ فِتْنَةِ

الْقُبُوْرِ اَللّٰهُمَّ مَا قَصُرَ عَنْهُ رَاْئِیْ وَضَعُفَ عَنْهُ

عَمَلِیْ وَلَمْ تَبْلُغْهُ نِيَّتِیْ وَاُمْنِيَّتِیْ مِنْ خَيْرٍ وَعَدْتَّهٗ

اَحَدًا مِّنْ عِبَادِكَ اَوْ خَيْرٍ اَنْتَ مُعْطِيْهِ اَحَدًا

مِنْ خَلْقِكَ فَاَنَا اَرْغَبُ اِلَيْكَ فِيْهِ وَاَسْئَلُكَ

يَا رَبَّ الْعَالَمِيْنَ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنَا هَادِيْنَ وَمَهْدِيِّيْنَ

غَيْرَ ضَالِّيْنَ وَلَا مُضِلِّيْنَ حَرْبًا لِاَعْدَائِكَ وَسِلْمًا

لِاَوْلِيَائِكَ نُحِبُّ بِحُبِّكَ النَّاسَ وَنُعَادِیْ

بِعَدَاوَتِكَ مَنْ خَالَفَكَ مِنْ خَلْقِكَ اَللّٰهُمَّ

هٰذَا الدُّعَآءُ مِنِّیْ وَمِنْكَ الْاِجَابَةُ وَهٰذَا الْجَهْدُ
وَعَلَيْكَ التُّكْلَانُ لَاحَوْلَ وَلَاقُوَّةَ اِلَّابِكَ
اَللّٰهُمَّ يَاذَا الْحَبْلِ الشَّدِيْدِ وَالْاَمْرِ الرَّشِيْدِ
اَسْئَلُكَ الْاَمْنَ يَوْمَ الْوَعِيْدِ وَالْجَنَّةَ دَارَ الْخُلُوْدِ
مَعَ الْمُقَرَّبِيْنَ الشُّهُوْدِ الرُّكَّعِ السُّجُوْدِ الْمُوْفِيْنَ
بِالْعُهُوْدِ اِنَّكَ رَحِيْمٌ وَّدُوْدٌ وَاَنْتَ تَفْعَلُ
مَا تُرِيْدُ سُبْحَانَ مَنْ تَعَطَّفَ بِالْعِزِّ وَقَالَ بِهٖ
سُبْحَانَ مَنْ لَبِسَ الْمَجْدَ وَتَكَرَّمَ بِهٖ سُبْحَانَ الَّذِیْ
لَا يَنْبَغِیْ التَّسْبِيْحُ اِلَّا لَهٗ سُبْحَانَ ذِی الْفَضْلِ وَالنِّعَمِ
سُبْحَانَ ذِی الْجُوْدِ وَالْكَرَمِ سُبْحَانَ الَّذِیْ اَحْصٰی
كُلَّ شَیْءٍ بِعِلْمِهٖ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ لِیْ نُوْرًا فِیْ قَلْبِیْ وَ
نُوْرًا فِیْ سَمْعِیْ وَنُوْرًا فِیْ بَصَرِیْ وَنُوْرًا فِیْ شَعْرِیْ
وَنُوْرًا فِیْ بَشَرِیْ وَنُوْرًا فِیْ لَحْمِیْ وَنُوْرًا فِیْ دَمِیْ

وَنُوْرًا فِيْ عِظَامِيْ وَنُوْرًا فِيْ مُخِّيْ وَنُوْرًا فِيْ عَصَبِيْ
وَنُوْرًا مِّنْ بَيْنِ يَدَيَّ وَنُوْرًا مِنْ خَلْفِيْ وَنُوْرًا
عَنْ يَمِيْنِيْ وَنُوْرًا عَنْ شِمَالِيْ وَنُوْرًا مِنْ
فَوْقِيْ وَنُوْرًا مِنْ تَحْتِيْ اَللّٰهُمَّ
اَعْطِنِيْ نُوْرًا وَزِدْنِيْ نُوْرًا وَاجْعَلْنِيْ نُوْرًا وَاَعْظِمْ
لِيْ عِنْدَكَ نُوْرًا سُبْحَانَ خَالِقِ النُّوْرِ رَبَّنَا اَتْمِمْ
لَنَا نُوْرَنَا وَاغْفِرْ لَنَا اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْر
ودر اول و آخر ہر دعا درود گوید بطریق وجوب وباللہ التوفیق

لطیفۂ ششم در استماع اذان

چون اذان بشنود نیک متوجہ شود و سخن شنیدن
بیخ دولت است کہ گفتہ اند گویا ہمیں استماع اذان است
المقصود چون آواز مؤذن بگوش رسد بگوید مَرْحَبًا

بِالْقَائِلِيْنَ عَدْلًا وَمَرْحَبًا بِالصَّلٰوۃِ اَھْلًا وہر کلمہ
کہ مؤذن فرماید بموافقت او گوید وچون اَشْھَدُ اَنْ لَّا اِلٰہَ
اِلَّا اللّٰہ فرماید گوید اَشْھَدُ اَنْ لَّا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ
لَا شَرِیْکَ لَہٗ وَ اَشْھَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُہٗ وَرَسُوْلُہٗ
وچون اشھد ان محمد رسول اللّٰہ فرماید گوید اَشْھَدُ اَنَّ
مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰہِ رَضِیْتُ بِاللّٰہِ رَبًّا وَبِمُحَمَّدٍ
صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَسَلَّمْ رَسُوْلًا وَبِالْاِسْلَامِ
دِیْنًا ودر وقت سماع اسم مبارک محمد صلی اللّٰہ علیہ وسلم
ابہامین را بوسیدہ بر پلک ہر دو چشم نہد شیخ محمد کاسہ لیس
چشتی مرید سلطان المشائخ یعنی خسرو شاعر گوید بیت چون
مردم دو دیدہ آن دسترس ندارد کاید برون و بوسد آن نام
با علو را لبہا ہمی فرستد بوسہ بدست ناخن تا مردمان دیدہ
بوسند نام او را وچون حی علی الصلات وحی علی الفلاح فرماید

گوید لَاحَوْلَ وَلَاقُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰہِ وچون الصلوٰۃ خیر من النوم فرماید گوید صدقت وبررت وچون اذان تمام شود گوید نعم لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَاَنْزِلْہُ الْمُنْزِلَ الْمُقَرَّبَ عِنْدَكَ اَللّٰھُمَّ رَبَّ ھٰذِہِ الدَّعْوَةِ التَّآمَّةِ وَالصَّلوٰةِ الْقَآئِمَةِ اٰتِ مُحَمَّدَنِ الْوَسِيْلَةَ وَالْفَضِيْلَةَ وَالدَّرَجَةَ الرَّفِيْعَةَ وَابْعَثْهُ مَقَامًا مَّحْمُوْدَنِ الَّذِیْ وَعَدْتَّهٗ وَارْزُقْنَا شَفَاعَتَهٗ وَلَا تُخْزِنَا يَوْمَ الْقِيَامَةِ اِنَّكَ لَا تُخْلِفُ الْمِيْعَادَ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ وقت فجر گوید اَللّٰھُمَّ ھٰذَا اِقْبَالُ نَهَارِكَ وَاِدْبَارُ لَيْلِكَ وَاَصْوَاتُ دُعَائِكَ وَحُضُوْرُ صَلَوَاتِكَ وَشُهُوْدُ مَلَائِكَتِكَ فَاغْفِرْ لِیْ وَلِوَالِدَیَّ وَلِجَمِيْعِ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ

یک بار و وقت مغرب نیز رعایت نماید و بجای اَللّٰهُمَّ اِقْبَالُ نَهَارِكَ وَاِدْبَارُ لَيْلِكَ اَللّٰهُمَّ هٰذَا اِقْبَالُ لَيْلِكَ وَاِدْبَارُ نَهَارِكَ بگوید۔

لطیفۂ ہفتم در سعی مسجد

وقتِ رفتن بمسجد آیۃ الکرسی خوانده گوید اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ اَنْ اَضِلَّ اَوْ اُضَلَّ اَوْ اَذِلَّ اَوْ اُذَلَّ اَوْ اَظْلِمَ اَوْ اُظْلَمَ اَوْ اَجْهَلَ اَوْ يُجْهَلَ عَلَيَّ و بوقت در آمدن گوید اَعُوْذُ بِاللّٰهِ وَبِفَضْلِكَ الْعَظِيْمِ وَبِوَجْهِكَ الْكَرِيْمِ وَسُلْطَانِهِ الْقَدِيْمِ بِلُطْفِكَ الْكَرِيْمِ مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيْمِ یکبار و نخست پای راست را در اندرون مسجد نهد و گوید بِسْمِ اللّٰهِ تَوَكَّلْتُ عَلَى اللّٰهِ لَاحَوْلَ وَلَاقُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ یکبار و چون از مسجد بیرون آید گوید بِسْمِ اللّٰهِ

خَرَجْنَا وَعَلَى اللّٰهِ تَوَكَّلْنَا اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ خَیْرَ
الْمُدْخَلِ وَخَیْرَ الْمُخْرَجِ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِیْ ذُنُوْبِیْ
وَافْتَحْ لِیْ اَبْوَابَ فَضْلِكَ یَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ یکبار

لطیفۂ ہشتم در نماز فجر

چون نماز فجر شروع کند باید کہ چنان ایستد کہ سر انگشتانِ
ہر دو پا بسمتِ قبلہ راست باشد و میان دو قدم مقدار
چہار انگشت فرجہ بماند و اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِكَ مِنْ
تَفْرِقَةِ الْقَلْبِ یکبار گفتہ آیۂ توجہ اِنِّیْ وَجَّهْتُ وَجْهِیَ
لِلَّذِیْ فَطَرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ حَنِیْفًا وَّمَا
اَنَا مِنَ الْمُشْرِكِیْنَ یکبار خواندہ بگوید اِنَّ صَلٰوتِیْ
وَنُسُكِیْ وَمَحْیَایَ وَمَمَاتِیْ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ
لَا شَرِیْكَ لَهٗ وَبِذٰلِكَ اُمِرْتُ وَاَنَا اَوَّلُ الْمُسْلِمِیْنَ

